بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اِنَّ الۡفَضۡلَ بِیَدِ اللّٰہِ یُؤۡتِیۡہِ مَنۡ یَّشَآءُ ۔ عَسٰۤی اَنۡ یَّبۡعَثَکَ رَبُّکَ مَقَامًا مَّحۡمُوۡدًا

رجسٹرڈ نمبر ایل ۵۲۵۴

روزنامہ

الفضل

ایڈیٹر
مسعود احمد دہلوی

جلسہ سالانہ نمبر

ربوہ

فون ۴۴۹

Digitized by Khilafat Library Rabwah

انگلستان کے دو شہروں روچسٹر اور جلنگھم کے میئروں کی طرف سے حضور ایدہ اللہ کا پُرتپاک خیر مقدم

چیٹھم کے ٹاؤن ہال میں دی گئی استقبالیہ دعوت کے چند پُرشکوہ مناظر

۱۵ اکتوبر ۱۹۸۲ء

Digitized by Khilafat Library Rabwah



استقبالیہ دعوت میں حضور روچسٹر کے میئر اور جلنگھم کے میئر صاحبان سے گفتگو فرما رہے ہیں



استقبالیہ دعوت کا ایک وسیع منظر



جلنگھم کے میئر موصوف کونسلر البرٹ سپیلر حضور کی خدمت میں استقبالیہ ایڈریس پیش کر رہے ہیں



روچسٹر کے میئر موصوف کونسلر باری فلیک حضور کو اہل شہر کی طرف سے خوش آمدید کہہ رہے ہیں



استقبالیہ دعوت کے ڈیڑھ صد سے زائد مدعوین حضور کے ارشادات سننے میں محو ہیں



استقبالیہ ایڈریسوں کے بعد حضور جوابی تقریر ارشاد فرما رہے ہیں

ارشاداتِ عالیہ سیدنا حضرتِ اقدس مسیح موعود علیہ السلام

اب وہ دِن نزدیک آتے ہیں کہ جو سچائی کا آفتاب مغرب کی طرف سے چڑھے گا

خُدا کی سچّی توحید جس کو بیابانوں کے رہنے والے اور تمام تعلیموں سے غافل بھی اپنے اندر محسُوس کرتے ہیں مُلکوں میں پھیلے گی

ہر ایک قوم اِس چشمہ سے پانی پیئے گی اور یہ سِلسلہ زور سے بڑھے گا اور پھُولے گا یہاں تک کہ زمین پر محیط ہو جائیگا

اِسلام کے اقبال کے دن نزدیک ہیں اور آسمان پر اُس کی فتح کے دِن نمُودار ہیں۔ یہ اقبال رُوحانی ہے اور فتح بھی رُوحانی:

Digitized by Khilafat Library Rabwah

"نئی زمین ہوگی اور نیا آسمان ہوگا۔ اب وہ دِن نزدیک آتے ہیں کہ جو سچائی کا آفتاب مغرب کی طرف سے چڑھے گا اور یورپ کو سچے خدا کا پتہ لگے گا اور بعد اِس کے توبہ کا دروازہ بند ہوگا کیونکہ داخل ہونے والے بڑے زور سے داخل ہو جائیں گے اور وہی باقی رہ جائیں گے جن کے دل پر فطرت سے دروازے بند ہیں اور نور سے نہیں بلکہ تاریکی سے محبّت رکھتے ہیں۔ قریب ہے کہ سب مِلّتیں ہلاک ہوں گی مگر اِسلام اور سب حربے ٹوٹ جائیں گے مگر اسلام کا آسمانی حربہ کہ وہ نہ ٹوٹے گا نہ کُند ہوگا جب تک دجّالیت کو پاش پاش نہ کر دے۔ وہ وقت قریب ہے کہ خدا کی سچّی توحید جس کو بیابانوں کے رہنے والے اور تمام تعلیموں سے غافل بھی اپنے اندر محسوس کرتے ہیں مُلکوں میں پھیلے گی۔ اُس دن نہ کوئی مصنوعی کفارہ باقی رہے گا اور نہ کوئی مصنوعی خدا اور خدا کا ایک ہی ہاتھ کفر کی سب تدبیروں کو باطل کر دے گا لیکن نہ کسی تلوار سے اور نہ کسی بندوق سے بلکہ مستعد روحوں کو روشنی عطا کرنے سے اور پاک دلوں پر ایک نُور اُتارنے سے۔ تب یہ باتیں جو میں کہتا ہوں سمجھ میں آئیں گی۔"

(تبلیغ رسالت جلد ششم صـ۸)

"ہر ایک قوم اِس چشمہ سے پانی پیئے گی اور یہ سلسلہ زور سے بڑھے گا اور پھُولے گا۔ یہاں تک کہ زمین پر محیط ہو جاوے گا۔ بہت سی روکیں پیدا ہوں گی اور ابتلاء آئیں گے مگر خدا سب کو درمیان سے اُٹھا دے گا اور اپنے وعدہ کو پورا کرے گا۔ اور خدا نے مجھے مخاطب کر کے فرمایا کہ میں تجھے برکت پر برکت دوں گا یہاں تک کہ بادشاہ تیرے کپڑوں سے برکت ڈھونڈیں گے۔

سو اے سننے والو! اِن باتوں کو یاد رکھو اور اِن پیش خبریوں کو اپنے صندوقوں میں محفوظ رکھ لو کہ یہ خدا کا کلام ہے جو ایک دن پورا ہوگا۔"

(تجلیاتِ الٰہیہ)

"اِس زمانہ میں جو مذہب اور علم کی نہایت سرگرمی سے لڑائی ہو رہی ہے اس کو دیکھ کر اور علم کے مذہب پر حملے مشاہدہ کر کے بے دل نہیں ہونا چاہیئے کہ اب کیا کریں۔ یقیناً سمجھو کہ اِس لڑائی میں اسلام کو مغلوب اور عاجز دشمن کی طرح صلح جوئی کی حاجت نہیں بلکہ اب زمانہ اسلام کی روحانی تلوار کا ہے۔ جیسا کہ وہ پہلے کسی وقت اپنی ظاہری طاقت دکھلا چکا ہے۔ یہ پیشگوئی یاد رکھو کہ عنقریب اس لڑائی میں بھی دشمن ذلّت کے ساتھ پسپا ہوگا اور اسلام فتح پائے گا ..... اسلام کی سلطنت کو اِن چڑھائیوں سے کچھ بھی اندیشہ نہیں ہے جو فلسفہ اور طبعی کی طرف سے ہو رہے ہیں۔ اِس کے اقبال کے دن نزدیک ہیں اور میں دیکھتا ہوں کہ آسمان پر اس کی فتح کے دن نمودار ہیں۔ یہ اقبال روحانی ہے اور فتح بھی روحانی تا باطل علم کی مخالفانہ طاقتوں کو اس کی الٰہی طاقت ایسا ضعیف کرے کہ کالعدم کر دیوے۔"

(آئینہ کمالاتِ اسلام حاشیہ صـ۲۵۴)

"یہ لوگ یاد رکھیں کہ ان کی عداوت سے اسلام کو کچھ بھی ضرر نہیں پہنچ سکتا۔ کیڑوں کی طرح خود ہی مر جائیں گے۔ مگر اسلام کا نُور دن بدن ترقی کرے گا۔ خدا تعالیٰ نے چاہا ہے کہ اسلام کا نور دنیا میں پھیلا دے۔"

(تبلیغِ رسالت جلد دوم صـ۹۲)

جلد ۷۱ ۳۶ ۱۳ ربیع الاوّل ۱۴۰۳ھ / ۳۰ فتح ۱۳۶۱ہش نمبر ۲۹۲

Digitized by Khilafat Library Rabwah

پندرھویں صدی کے سر پر رُونما ہونیوالا

انقلاب انگیز واقعہ

جماعت احمدیہ کے افراد کی حیثیت سے ہم احمدیوں پر اللہ تعالیٰ کا یہ بہت بڑا فضل اور احسان ہے کہ وہ اپنے بنائے ہوئے خلفاء برحق کی وساطت سے ہمیں غلبۂ اسلام کے ضمن میں عظیم الشان بشارتوں سے نوازتا ہے اور پھر انہیں پورا کر کے ہمارے لئے خوشی و مسرت اور ازدیادِ ایمان کے سامان کرتا ہے جن کے زیرِ اثر ہمارے دل حمد اور شکر کے جذبات سے لبریز ہو کر اس کی جناب میں جھکتے اور ہمیشہ ہی جھکے رہتے ہیں۔

آج ہم اس ضمن میں اللہ تعالیٰ کے ایسے ہی ایک عظیم الشان فضل و احسان کا ذکر کرنا چاہتے ہیں۔ یہ فضل تاریخ کا دھارا موڑنے والے انقلاب کا آئینہ دار ہونے کے باعث اس درجہ اہم اور دُور رس نتائج کا حامل ہے کہ اس کا تعلق کسی ایک سال سے نہیں بلکہ پوری پندرھویں صدی ہجری اور تاقیامت آنے والی تمام دوسری صدیوں سے ہے۔ اس اجمال کی تفصیل یہ ہے کہ امام جماعت احمدیہ سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث رحمہ اللہ تعالیٰ نے چودھویں صدی ہجری ختم ہونے سے بہت عرصہ پہلے ہی خدائی القاء کے ماتحت ہمیں یہ بشارت دی کہ پندرھویں صدی ہجری غلبۂ اسلام کی صدی ہے۔ اس صدی کے شروع ہوتے ہی غلبۂ اسلام کے آثار نمایاں ہونا شروع ہو جائیں گے اور اس کے اختتام تک اسلام دنیا کے وسیع علاقوں میں غالب آچکا ہوگا۔

خدا تعالیٰ نے اس بشارت کے پورا ہونے کا آغاز چودھویں صدی ختم ہونے سے پہلے ہی کر کے آشکار کر دکھایا کہ پندرھویں صدی واقعی غلبۂ اسلام کی صدی ثابت ہوگی۔ اس بشارت کے پورا ہونے کا آغاز ایک ایسے انقلاب انگیز واقعہ سے ہوا جس نے پوری دنیا کو چونکا کر رکھ دیا۔ وہ واقعہ یہ تھا کہ سپین جیسے کٹر کیتھولک ملک میں (جہاں سے آٹھ سو سال تک حکمران رہنے کے بعد اسلام اور مسلمانوں کا کلّی طور پر صفایا کر دیا گیا تھا اور وہاں کی سرزمین پانچ سات سو سال سے توحید باری تعالیٰ اور محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ذکر سے خالی چلی آرہی تھی) اللہ تعالیٰ نے انتہائی غیر معمولی حالات میں سب سے پہلی مسجد تعمیر کرنے کی راہ ہموار کر دی۔ خود سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث رحمہ اللہ تعالیٰ کو اللہ تعالیٰ نے اپنی تقدیرِ خاص کے ماتحت قرطبہ کے قریب پیدرو آباد کے قصبہ میں خدائے واحد کے اس گھر کا اپنے دستِ مبارک سے سنگِ بنیاد رکھنے کی توفیق عطا فرمائی۔ آپ نے ۲۹ ذی قعد ۱۴۰۰ ہجری مطابق ۹ اکتوبر ۱۹۸۰ء بروز جمعرات اللہ تعالیٰ کے حضور عاجزانہ دعاؤں کے درمیان اس تاریخ ساز مسجد کا سنگِ بنیاد رکھا اور اسے "مسجد بشارت" کے نام سے موسوم کیا۔ خدا تعالیٰ نے چودھویں صدی ہجری کو ختم نہیں ہونے دیا جب تک یہ انقلاب انگیز واقعہ رونما نہیں ہو گیا اور ہوا بھی اُس مقدس وجود کے ذریعہ جس نے اللہ تعالیٰ سے خبر پا کر پندرھویں صدی کو غلبۂ اسلام کی صدی قرار دیا تھا۔

اس کے چند ہی ہفتہ بعد غلبۂ اسلام کی صدی یعنی پندرھویں صدی ہجری کا آغاز اس حال میں ہوا کہ قرطبہ کے نواح میں ساڑھے سات سو سال بعد تعمیر ہونے والی یہ مسجد تعمیر کے مراحل طے کر رہی تھی اور پھر ۲۱ ذی قعد ۱۴۰۲ ہجری مطابق ۱۰ ستمبر ۱۹۸۲ء بروز جمعۃ المبارک سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے اس تاریخ ساز مسجد میں جمعہ کی نماز پڑھا کر اس کا افتتاح فرمایا۔ سپین جیسے ملک میں صدیوں بعد مسجد کی تعمیر کوئی معمولی واقعہ نہ تھا۔ یہ دراصل سپین میں اسلام کے دوبارہ غالب آنے کی بشارت کا اعلان تھا۔ اس نے سپین اور اہل سپین ہی نہیں بلکہ ساری دنیا کو چونکا کر رکھ دیا۔ اس کا دنیا بھر کے تمام ممالک میں اس قدر چرچا ہوا کہ کئی ہفتوں تک دنیا بھر کے اخبارات اور ابلاغ عامہ کے دیگر ذرائع یعنی ریڈیو اور ٹیلی ویژن اس کے ذکر سے گونجتے رہے اور ہنوز گونج رہے ہیں۔

دنیا میں آئے دن مسجدیں تعمیر ہوتی ہی رہتی ہیں لیکن اس ایک مسجد نے اقصائے عالم میں تہلکہ مچا کر پوری دنیا کو ہلا کر رکھ دیا۔ آخر کیوں؟ اس لئے کہ سپین جیسے ملک میں مسجد کی تعمیر ایک انقلاب انگیز واقعہ کی حیثیت رکھتی ہے جس نے سپین میں محبت کی راہ سے قلوب پر فتح پانے اور اس طرح اسلام کے وہاں دائمی طور پر از سرِ نو غالب آنے کے دروازے کھول دیئے ہیں اور اس کے ذریعہ سے دنیا کو واقعاتی رنگ میں آگاہ کر دیا گیا ہے کہ فی الواقعہ پندرھویں صدی غلبۂ اسلام کی صدی ہے۔ اس میں ایسے ایسے انقلاب انگیز واقعات رونما ہوں گے کہ جن کے نتیجہ میں اسلام سپین میں ہی نہیں سپین سمیت پوری دنیا میں غالب آئے بغیر نہ رہے گا۔

مسجد بشارت سپین کا تاریخی افتتاح جس طرح دنیا بھر میں تہلکہ مچانے کا موجب ہوا ہے اُس کا کسی قدر ثبوت ہم الفضل کے اس خاص شمارہ میں دنیا بھر کے بعض اخباروں کے تراشوں کے فلمی عکسوں اور ان کے ترجموں کی شکل میں پیش کر رہے ہیں۔ نیز سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے اس یادگار سفر یورپ کے بعض تصویری مناظر بھی اس شمارہ میں ہدیۂ قارئین کئے جا رہے ہیں تا عالمی اخبارات کے ان تراشوں کا مطالعہ اور ان تصویری مناظر کا مشاہدہ احباب جماعت کے لئے ازدیادِ ایمان و ایقان کا موجب ہو اور وہ پندرھویں صدی ہجری کے آغاز میں نازل ہونے والے اللہ تعالیٰ کے اس فضل عظیم اور احسانِ عظیم پر اُس کا شکر بجا لائیں اور اُس کی حمد سے اس کرّہ ارض کی فضاؤں کو بھر دیں تا ہمارا حامد و عزیز اور صادق الوعد خدا ہمیں اپنے غیر معمولی فضلوں اور احسانوں سے نوازتا چلا جائے اور اُس کے معجزہ کی قدرت رکھنے والے یہ غیر معمولی فضل اور احسان دنیا کو یہ باور کرا دیں کہ واقعی پندرھویں صدی غلبۂ اسلام کی صدی ہے۔ اس صدی میں ہی پوری نوع انسانی دینِ واحد پر آ جمع ہوگی اور اُمّتِ واحدہ کی شکل اختیار کر لے گی: یہی خدا تعالیٰ کا منشاء ہے اور یہی اُس قادر و عزیز کی تقدیر ہے جسے دنیا کی کوئی طاقت بدل نہیں سکتی۔

نعت

سرورِ کونین ﷺ

مکرم مبشر احمد صاحب راجیکی
ربوہ

مہک آتی ہے کس کی خاکِ پا سے

نزاعِ جسم و جاں سے کون گزرا
خیالِ این و آں سے کون گزرا
نہ تھا ایسا کبھی پھولوں پہ جوبن
چمن کے درمیاں سے کون گزرا
مہک آتی ہے کس کی خاکِ پا سے
دیارِ عاشقاں سے کون گزرا
یہ دھڑکن تھی، مگر ایسی کہاں تھی
خدا جانے یہاں سے کون گزرا
کریما پردہ پوشی، پردہ پوشی
سلامت امتحاں سے کون گزرا
کسے معلوم کیا ہے ہوئے مستاں
درِ پیرِ مغاں سے کون گزرا
بساطِ آگہی کس نے الٹ دی
حدِ سود و زیاں سے کون گزرا
در و بامِ یقیں کس نے سجائے
خم و پیچِ گماں سے کون گزرا
مہ و انجم ہیں گردِ راہ کس کے
فرازِ آسماں سے کون گزرا
محمدؐ کی یہ ہمت تھی مبشر
وگرنہ لامکاں سے کون گزرا

رجسٹرڈ نمبر ایل ۵۲۵۴ پبلشر:- مسعود احمد پرنٹر:- سید عبدالحی مطبع:- ضیاالاسلام پریس
مقام اشاعت:- دفتر روزنامہ الفضل دارالرحمت غربی ربوہ قیمت:- ۱۰ روپے

امامِ مہدیؑ موعود لاریب و گماں آیا

مکرم محمد ابراہیم صاحب شاد چک چھور ضلع شیخوپورہ

اطاعت میں محمدؐ کی مسیحائے زماں آیا!
خدا کے فضل و رحمت کا جہاں میں اِک نشاں آیا

خزاں نے کر دیا تھا گلستانِ دیں کو پُژمُردہ
بہارِ جاوداں لے کر ہمارا باغباں آیا

مُسلسل ہو رہی تھی یورشِ نصرانیت ہر سُو
زبردست غلبۂ اسلام حق کا پہلواں آیا

ہُوئی معدوم جس سے ظُلمتِ ادیانِ باطل سب
وہ تنویرِ مجسم ماہِ کامل ضَو فشاں آیا

رہی ہیں مُنتظر اقوامِ عالم مُدّتوں جس کی
وہ "مہدی" وہ "کرشنا" وہ "مسیحا" قادیاں آیا

خُدا کے نُور کا مظہر بروزِ حُسنِ پیغمبرؐ
امامِ مہدیِ موعُود لاریب و گماں آیا

اشاعت دینِ احمد کی تھی جس کے دم سے وابستہ
غُلامِ احمدِ مُرسل امامِ آخر زماں آیا

خزینے علم و عرفاں کے امامِ وقت نے بخشے
مُبارک صد مُبارک ہے ہمارا مہرباں آیا

وہ "سلطانُ القلم" لایا جدید علمِ کلام اپنا
عطا جس نے کیا ہم کو نیا رنگِ بیاں آیا

"مُسلماں را مُسلماں باز کردن" مدّعا لے کر
برائے نصرتِ دینِ محمدؐ، پاسباں آیا

ثُریّا سے لایا پھر زمیں پر دولتِ ایماں
وہ "رجلِ فارسی" جس کا نوشتوں میں بیاں آیا

خُوشا بختی ہماری شادؔ پایا عہدِ بابرکت
مِلا ہے گوہرِ مقصُود اپنا دِلستاں آیا

Digitized by Khilafat Library Rabwah

مسجد بشارت سپین کا افتتاح

پھر سے ہے اسلام کا ڈنکا بجا

مکرم مرزا محمود احمد صاحب گجراتی
دارالصدر غربی ربوہ

انقلاب ہسپانیہ میں آگیا
دیکھ کر ہے کُفر، یکسر، دم بخود
مسجدِ ذی شاں کی پس از ہفت قرن
افتتاحِ مسجدِ عالی نشاں
دس ستمبر، اِفتتاح کے روز تھا
لب پہ تھی حمدِ خداوندِ جلیل
پیدرو آباد کی خوش قسمتی
تھیں زبانیں تر خُدا کے شکر سے
بعد صدیوں کے یہاں پر پھر اذاں
کہہ رہے ہیں با مسرت "حبذا"
خود پہ نازاں آج ارض الکبیر
بعد صدیوں کے اندھیرے چھٹ گئے
اک زماں کے بعد یاں پر ہم نشیں
خدمتِ اسلام میں مصروف ہیں!
عاشقانِ مُصطفےٰ پہنچیں گے یاں

نکھری نکھری آج ہے اُس کی فضا
بندۂ مومن کی تاثیرِ دُعا
احمدیوں نے وہاں رکھی بنا
میرزا طاہر نے واں جا کر کیا
ہر زباں پر لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ
نعرۂ تکبیر سے گونجی فضا
گھر خُدائے پاک کا اُس میں بنا
اور سب کے لب پہ تھا صَلِّ علیٰ
مَرحَبا، صد مَرحَبا، صد مَرحَبا
قرطبہ، غرناطہ و اشبیلیا
اس میں پھر سے کلمہ گو ہے آگیا
یک بیک ظاہر ہُوا نُورِ ہُدیٰ
پھر سے ہے اسلام کا ڈنکا بجا
جان و دل سے خادمانِ میرزا
قافلہ در قافلہ در قافلہ

فخر سے ہر اک زباں پر آج ہے
حضرتِ "مرزا غلام احمد کی جے"

سوئٹزرلینڈ کے شہر زیورک میں

یورپ کے دانشوروں سے حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا معرکہ آراء خطاب

آسمانی نوشتہ اور الہامی پیشگوئیوں کی روشنی میں نوعِ انسانی کے مستقبل کی وضاحت

نوعِ انسانی خود اپنے ہی ہاتھوں لائی ہوئی تباہی کی طرف تیزی سے بڑھتی چلی جارہی ہے

میں آپ تک خوشخبری پہنچاتا ہوں کہ انتہائی ہولناک تباہی مسلط ہونیکی پیشگوئیوں کو ٹلایا جاسکتا ہے

انسان کو چاہیئے کہ وہ اپنے خالق کی طرف رجوع کرے اور پورے خلوص سے ندامت کا اظہار کرتے ہوئے اس کے ساتھ زندہ تعلق قائم کرے

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے اپنے عہدِ خلافت کے پہلے سفرِ یورپ کے دوران ۳۱ر اگست ۱۹۸۲ء کو سوئٹزرلینڈ کے شہر زیورک کے نووا پارک ہوٹل میں نوعِ انسانی کے مستقبل کے متعلق وہاں کے دانشوروں سے انگریزی میں معرکہ آراء خطاب فرمایا۔ جس کے بعد دیر تک سوال و جواب کا سلسلہ جاری رہا۔ سوئس زبان میں اس خطاب کا ترجمہ ساتھ کے ساتھ ہیڈ فونز کے ذریعے سامعین تک پہنچایا جارہا تھا۔ اس معرکہ آراء انگریزی خطاب کا ترجمہ ادارہ الفضل اپنی ذمہ داری پر پہلی بار ذیل میں ہدیہ قارئین کرنیکی سعادت حاصل کر رہا ہے۔

نوع انسانی کا مستقبل

دنیا میں آجکل نوع انسان کے مستقبل کے بارہ میں بہت پریشان کن قیاس آرائیاں ہو رہی ہیں۔ ان قیاس آرائیوں نے انسان کو عجب مخمصہ میں ڈال رکھا ہے۔ میں اس وقت خالص اسلامی نظریہ کی روشنی میں اس مسئلہ کے بارہ میں دو مختلف زاویوں سے اختصار کے ساتھ بعض باتیں بیان کروں گا۔

اوّل یہ کہ انسان کی موجودہ حالت سے انسان کے کس مستقبل کی نشاندہی ہوتی ہے؟

دوسرے یہ کہ نوعِ انسان کے مستقبل کے بارہ میں آسمانی نوشتہ اور خدائی الہامات کن پیشگوئیوں پر مشتمل ہیں؟

جب ہم عصری علم پر حصر کرتے ہوئے نوعِ انسانی کے مستقبل میں جھانکنے کی کوشش کرتے ہیں تو ذہن میں ایک نہایت ہولناک منظر ابھرے بغیر نہیں رہتا۔ ہمیں صاف نظر آتا ہے کہ نوعِ انسانی خود اپنے ہی ہاتھوں لائی ہوئی تباہی کی طرف تیزی سے بڑھتی چلی جارہی ہے۔ اور یوں لگتا ہے کہ وہ عالمی پیمانہ پر اجتماعی خودکشی کی تیاریوں میں مصروف ہے۔ جب ہم قرآن کا مطالعہ کرتے ہیں تو ہم دیکھتے ہیں کہ قرآن نے خاص ہمارے اپنے زمانہ یعنی موجودہ زمانہ میں نوعِ انسانی کے ایک بہت ہی ہولناک انجام سے دوچار ہونے کے بارہ میں زبردست انتباہ کیا ہے۔

اگر ہم انتہائی تباہ کن جوہری ہتھیاروں کی ایجاد کو دیکھیں اور اُن کے اندھا دھند استعمال کے خطرات پر نظر ڈالیں تو نوع انسانی کے مستقبل کے بارہ میں پیشگوئی کرنا چنداں مشکل نہیں ہے اس کے لئے غیر معمولی ذہانت اور فہم و فراست کی ضرورت نہیں۔ لیکن چودہ سو سال پہلے کے زمانہ میں تو یہ صورت حال نہ تھی۔ اُس زمانہ میں انسان کے لئے ان واقعات کو جن سے آج ہم دوچار ہیں تصور میں لانا ممکن ہی نہ تھا۔ اس کے باوجود جیسا کہ میں نے ابھی اشارہ کیا ہے ہم دیکھتے ہیں کہ قرآن نے ان واقعات کے بارہ میں واضح الفاظ میں زبردست انتباہ کیا ہے۔ ایک جگہ وہ کہتا ہے:۔

وَالْعَصْرِ ۙ اِنَّ الْاِنْسَانَ لَفِیْ خُسْرٍ ۙ (العصر ۲-۳)

یعنی میں اُس زمانہ کو شہادت کے طور پر پیش کرتا ہوں کہ جب انسان یقیناً زبردست گھاٹے میں ہوگا۔

اس مختصر آیت میں خدا تعالیٰ اُس زمانہ کو بطور شہادت پیش کرتا ہے جب پوری کی پوری نوع انسانی تیزی سے ہولناک تباہی کی طرف جارہی ہوگی۔ وہ عمل و کردار کے ایسے راستہ پر چل رہی ہوگی جو انسان کو ایک انتہائی دہشت انگیز انجام کے کنارے پر لا کھڑا کرے گا۔ حالات بڑھتے بڑھتے کس نہج پر جا پہنچیں گے اور کن واقعات پر منتج ہوں گے اُس زمانہ میں ان کا تصور ہی نہیں کیا جاسکتا تھا۔ اس کے باوجود اُس ماضی بعید کے زمانہ میں ان حالات و واقعات کی خبر دینا اور پھر اِن کا من وعن پورا ہوجانا اس امر کا بیّن ثبوت ہے کہ قرآن مجید کا اس آنے والے زمانہ کو شہادت کے طور پر پیش کرنا کوئی اتفاقی امر نہ تھا۔ اور نہ یہ کسی زائچہ لگانے والے نجومی کی قیاس آرائی تھی۔ یہ بلاشبہ علیم وخبیر خدا کی طرف سے ایک زبردست انتباہ ہے۔ اُس علیم وخبیر خدا کی طرف سے جس کے علم نے جو کچھ ماضی میں گزر چکا ہے اسکا، جو کچھ زمانہ حال میں ہو رہا ہے اس کا اور جو کچھ مستقبل میں ہوگا اس کا پورے طور پر احاطہ کیا ہوا ہے۔ آج سائنس کی ٹھوس اور بیّن گواہی اس آسمانی انتباہ کی صداقت پر مُہرِ تصدیق ثبت کر رہی ہے۔

خدائے علیم وخبیر نے انسانی زندگی اور اس کے طرزِ عمل کو متعین اور منضبط کرنے والے بنیادی اصول و قوانین مقرر کر رکھے ہیں۔ اُس نے اُس سمت کی بھی نشاندہی کر دی ہے جو نوع انسانی کو انتشار اور تباہی کی طرف لے جانے والی ہے۔ خدائے قادر و توانا نے یہ بھی بتا دیا ہے کہ انسانی معاشرہ اپنے آپ کو خسارہ اور تباہی سے کیسے بچا سکتا ہے۔ ان بنیادی قوانین میں سے ایک قانون یہ ہے کہ کوئی قوم موت اور تباہی سے اُس وقت تک دوچار نہیں ہوگی جب تک کہ کوئی ڈرانے اور خبردار کرنے والا ان کی طرف نہ آجائے جو انہیں متنبہ کرنے کے علاوہ تباہی کا راستہ ترک کرنے اور سلامتی کا راستہ اختیار کرنے کی طرف بلائے۔ ایسا خبردار کرنے والا ان کی معاشرتی زندگی کے تاریک پہلوؤں کی نشاندہی کرتا ہے اور ظلمت سے نور کی طرف ان کی رہنمائی کرتا ہے۔ تاکہ ہر دیکھنے والی آنکھ حقیقت کو پہچان لے اور صلاحیت رکھنے والا ہر دل ابدی صداقت کو قبول کرلے۔

اس بنیادی قانون کا ایک لازمی اور قدرتی تقاضا یہ ہے کہ تباہی و بربادی کے عوامل کی کارفرمائی کے باوجود اس امر کا امکان موجود ہوتا ہے کہ اگر نوعِ انسانی چاہے اور تہیہ کرلے تو وہ خوفناک انجام سے بچ سکتی ہے۔ لیکن تباہی کے امکانات کو بدلنے کا فیصلہ انسان کو خود کرنا ہوگا۔ یہ انسان کا اپنا کام ہے کہ وہ خود فیصلہ کرے کہ آیا وہ ظلمت کو نور میں، بدنظمی کو نظم میں اور خوف کو امن میں بدلنا چاہتا ہے یا نہیں چاہتا۔ دوسرے الفاظ میں یوں کہہ سکتے ہیں کہ اپنا مستقبل بنانے یا بگاڑنے کا اختیار انسان کو دیا گیا ہے۔ جیسا کہ قرآن مجید

Digitized by Khilafat Library Rabwah

Digitized by Khilafat Library Rabwah



سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ نو واپارک ہوٹل نیویارک میں "نوع انسانی کا مستقبل" کے موضوع پر دانشوروں سے خطاب فرما رہے ہیں۔

کہتا ہے :-

اِنَّ اللّٰہَ لَا یُغَیِّرُ مَا بِقَوْمٍ حَتّٰی یُغَیِّرُوْا مَا بِاَنْفُسِھِمْ (الرعد ۱۲)

یعنی اللہ کبھی بھی کسی قوم کی حالت کو نہیں بدلتا جب تک کہ وہ خود اپنی اندرونی حالت کو نہ بدلے۔

اس سے یہ امر ظاہر و باہر ہے کہ جس ہولناک تباہی کی خبر دی گئی ہے وہ ایسی خدائی تقدیر نہیں ہے کہ جو بدل ہی نہ سکے۔ یہ ایک ایسا امر ہے کہ جس کا انسان کی اپنی ذات سے براہِ راست تعلق ہے۔ یہ انسان کی اپنی مرضی پر منحصر ہے کہ وہ اگر چاہے تو اسے اختیار کر لے۔ اور اگر اختیار نہ کرنا چاہے تو اسے قبول نہ کرے۔ لیکن اس ضمن میں یہ امر فراموش نہیں ہونا چاہیئے کہ کسی فیصلے پر پہنچنے کے لئے انسان کے پاس وقت بہت تھوڑا ہے۔ منزلِ مقصود بہت دُور ہے اور سفر لمبا اور دقت طلب ہے۔ اگر انسان اپنے آپ کو اور اپنی آئندہ نسلوں کو ہلاکت سے بچانا چاہتا ہے، اور اگر وہ چاہتا ہے کہ وہ خوف و ہراس اور شکوک و شبہات کی دلدل سے نکل کر امن و عافیت کے حصار میں آجائے اور وہ ایمان و یقین اور اعتماد کی دولت سے مالا مال ہو جائے تو اسے عمل و کردار کے نئے راستہ پر جلد گامزن ہونا چاہیئے۔

قیامِ عدل کی ضرورت

اپنے خالق و مالک کی مرضی کے آگے پورے طور پر سرِ تسلیم خم کرنے کے علاوہ حقیقی عدل ایک ایسا بنیادی وصف ہے جو نوعِ انسانی کے بچاؤ اور تحفظ کے سلسلہ میں بہت اہم کردار ادا کر سکتا ہے۔ حقیقی عدل کو ایک بنیادی اصل کے طور پر سب کو ہی عالمگیر سطح پر نہ صرف تسلیم کرنا چاہیئے بلکہ عالمگیر سطح پر اس پر کماحقہٗ عمل پیرا بھی ہونا چاہیئے۔ حقیقی عدل کے نفاذ کے لئے ضروری ہے کہ کسی قسم کے لحاظ ملاحظہ اور دیگر بے تعلق عوامل کو اثر انداز نہ ہونے دیا جائے۔ ایسے منصفانہ انسانی تعلقات کا قیام جو رنگ، نسل اور اعتقاد کے امتیازات سے بالا ہوں اور جو کالے اور گورے، مغربی اور مشرقی، مسیحی اور یہودی، مسلم اور غیر مسلم کی تفریق کو اثر انداز نہ ہونے دیں، ازبس ضروری ہے۔ ایسے تعلقات کے قیام میں عدل کے نہایت موثر نظام کو ایک لازمی اور ناگزیر شرط کی حیثیت حاصل ہے۔ اگر انصاف کے موجودہ تمام نہاد پیمانوں کو (جن میں موقع پرستی کو کھل کھیلنے کی اجازت ہوتی ہے اور علاقائی یا دوسرے تعصبات کو اثر انداز ہونے دیا جاتا ہے) نہ بدلا گیا اور ان کی بجائے حقیقی عدل کا نظام قائم نہ کیا گیا تو جلد یا بدیر جملہ معاشرتی نظام طیا میٹ ہوئے بغیر نہ رہیں گے۔ انصاف کے ہر اس نظام سے جس میں جانبداری کی گنجائش موجود ہو بے اطمینانی، بدنظمی اور عدم تحفظ کا احساس پیدا ہوتا ہے جو بالآخر معاشرہ کو ہلاک کر کے رکھ دیتا ہے۔

موجودہ زمانہ اور اس کے مخصوص حالات عدل کا موثر نظام موجود نہ ہونے کی حقیقت پر گواہ ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے اس آیت میں زمانہ کی اس گواہی کو پیش کیا ہے اور بنی نوع انسان کو خبردار کیا ہے کہ وہ اپنے آپ کو ہلاکت خیز مستقبل سے بچائیں۔ اس کے ساتھ ہی قرآن مجید نے انصاف نافذ کرنے کا ایک ایسا نظام پیش کیا ہے جو ہر قسم کی ناجائز مروتوں اور سیاسی تقاضوں سے مبرا ہے۔

اسلام میں عدل کا تصور

میں زیر بحث موضوع سے ذرا ہٹ کر یہ بتانا چاہتا ہوں کہ اسلام عدل اور اس سے تعلق رکھنے والے دیگر موضوعات کے بارہ میں کیا تعلیم دیتا ہے۔

(ا) عدل سے متعلق اسلام نے درج ذیل بنیادی اصول مقرر کئے ہیں :-

۱- وَ اِذَا حَکَمْتُمْ بَیْنَ النَّاسِ اَنْ تَحْکُمُوْا بِالْعَدْلِ ط (النساء : ۵۹)

(ترجمہ) اور (اللہ تمہیں یقیناً اس بات کا حکم دیتا ہے کہ) جب تم لوگوں کے درمیان فیصلہ کرو تو عدل سے فیصلہ کرو۔

۲- وَ اِذَا قُلْتُمْ فَاعْدِلُوْا وَ لَوْ کَانَ ذَا قُرْبٰی ج (الانعام ۱۵۳)

ترجمہ :- اور (اللہ یہ حکم دیتا ہے کہ) جب تم کوئی بات کہو تو گو وہ شخص (جس کے متعلق بات کہی گئی ہو) تمہارا قریبی رشتہ دار ہو تو عدل کو ملحوظ رکھو۔

۳- اِنَّ اللّٰہَ یَاْمُرُ بِالْعَدْلِ وَ الْاِحْسَانِ وَ اِیْتَآیِٔ ذِی الْقُرْبٰی۔ (النحل : ۹۱)

ترجمہ :- اللہ یقیناً عدل کا اور احسان کا اور (غیر رشتہ داروں کو بھی) قرابت والے شخص کی طرح (جاننے اور اُسی طرح مدد) دینے کا حکم دیتا ہے۔

(ب) عدل کو قائم کرنے اور جھگڑوں کا پُرامن تصفیہ کرانے کے ضمن میں ایک بنیادی اصول یہ ہے کہ سچی گواہی دی جائے۔ یہ وہ بنیادی اصول ہے جس پر حقیقی عدل کی پوری عمارت استوار ہوتی ہے۔ اس تعلق میں قرآن مجید نے درج ذیل رہنما اصول مقرر کئے ہیں

۱- وَ لَا یَاْبَ الشُّھَدَآءُ اِذَا مَا دُعُوْا ط (البقرہ : ۲۸۳)

ترجمہ :- جب گواہوں کو بلایا جائے (کہ وہ آکر گواہی دیں) تو وہ انکار نہ کریں۔

۲- وَ لَا تَکْتُمُوا الشَّھَادَۃَ ط وَ مَنْ یَّکْتُمْھَا فَاِنَّہٗٓ اٰثِمٌ قَلْبُہٗ (البقرہ ۲۸۴)

ترجمہ :- اور تم گواہی کو کبھی نہ چھپاؤ اور جو اسے چھپائے گا وہ یقیناً ایسا شخص ہے جس کا دل گنہگار ہے۔

۳- کُوْنُوْا قَوّٰمِیْنَ بِالْقِسْطِ شُھَدَآءَ لِلّٰہِ وَ لَوْ عَلٰٓی اَنْفُسِکُمْ اَوِ الْوَالِدَیْنِ وَ الْاَقْرَبِیْنَ ج (النساء : ۱۳۶)

ترجمہ :- تم پوری طرح انصاف پر قائم رہنے والے اور اللہ کے لئے گواہی دینے والے بن جاؤ گو (تمہاری گواہی) تمہارے اپنے خلاف یا والدین یا قریبی رشتہ داروں کے خلاف پڑتی ہو۔

(ج) اگر فی الحقیقت انصاف کی رُو سے ایک شخص کا کوئی حق بنتا ہے اور وہ ازراہِ کرم دوسرے کو فائدہ پہنچانے کی غرض سے اپنی مرضی سے اپنے حق کا ایک حصہ چھوڑ دیتا ہے، سو اگر وہ اللہ کی خوشنودی حاصل کرنے کی خاطر ایسا کرتا ہے تو وہ یقیناً معاشرہ میں خیر سگالی اور نیکی کو فروغ دینے کا موجب بنتا ہے۔

(د) قرآن مجید میں مومنوں کے جو اوصاف بیان کئے گئے ہیں ان میں سے ایک وصف یہ ہے :-

Digitized by Khilafat Library Rabwah

وَ الْكٰظِمِيْنَ الْغَيْظَ وَ الْعَافِيْنَ عَنِ النَّاسِ ط (آل عمران: ۱۳۵)

ترجمہ: (یہ وہ لوگ ہیں) جو غصّہ کو دبانے والے اور لوگوں کو معاف کرنے والے ہیں۔

(ر) اسلام نے عدل کا ایک ایسا بلند معیار مقرر کیا ہے کہ وہ مجرموں اور جنگ کرنے والے دشمنوں کے حقوق کو بھی پامال کرنے کی اجازت نہیں دیتا۔ فطرتاً انسان انتقام لینے میں حد سے تجاوز کرنے پر اُتر آتا ہے۔ اسلام اس جذبے کی تربیت کرنا چاہتا ہے اس لئے اس نے حکم دیا ہے

فَمَنِ اعْتَدٰى عَلَيْكُمْ فَاعْتَدُوْا عَلَيْهِ بِمِثْلِ مَا اعْتَدٰى عَلَيْكُمْ وَ اتَّقُوا اللّٰهَ وَ اعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ مَعَ الْمُتَّقِيْنَ

(البقرہ: ۱۹۵)

ترجمہ: جو شخص تم پر زیادتی کرے تم اس سے اس کی زیادتی کا جس قدر کہ اس نے تم پر زیادتی کی ہو بدلہ لے لو اور اللہ کا تقویٰ اختیار کرو اور جان لو کہ اللہ یقیناً متقیوں کے ساتھ ہوتا ہے۔

(س) اسلام نے بین الاقوامی تعلقات میں استواری پیدا کرنے کے سلسلہ میں بھی احکام دیئے ہیں۔ اس ضمن میں قرآن مجید اس امر کی اجازت نہیں دیتا کہ قومی اور انفرادی معاملات میں مختلف طرزِ عمل اختیار کیا جائے اور ان دونوں میں کسی قسم کی تفریق روا رکھی جائے۔ وہ بین الاقوامی تعلقات میں بہرطور عدل کو ملحوظ رکھنے پر اتنا ہی زور دیتا ہے جتنا انفرادی طرزِ عمل میں اس نے عدل سے سرِ مُو انحراف نہ کرنے پر زور دیا ہے وہ فرماتا ہے:۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُوْنُوْا قَوّٰمِيْنَ لِلّٰهِ شُهَدَآءَ بِالْقِسْطِ وَ لَا يَجْرِمَنَّكُمْ شَنَاٰنُ قَوْمٍ عَلٰٓى اَلَّا تَعْدِلُوْا ط اِعْدِلُوْا هُوَ اَقْرَبُ لِلتَّقْوٰى ز (المائدہ: ۹)

ترجمہ:۔ مومنو! تم اللہ کے لئے ایستادہ ہو جاؤ۔ انصاف کے ساتھ گواہی دو اور کسی قوم کی دشمنی تمہیں ہرگز اس بات پر آمادہ نہ کرے کہ تم انصاف نہ کرو۔ تم (بہرطور) انصاف سے کام لو یہ (یعنی انصاف سے کام لینا) تقویٰ کے زیادہ قریب ہے۔

سب سے بڑا اور سب سے اہم سوال جو آج ہمیں درپیش ہے، یہ ہے کہ حقیقی عدل کا ادراک کیسے حاصل ہو۔ اور پھر کیونکر اس پر عمل کیا جائے۔ قرآن مجید کی رُو سے اس اہم سوال کا جواب یہ ہے کہ اس کا تمام تر انحصار اس امر پر ہے کہ توحید باری تعالیٰ پر ایمان لایا جائے اس مشترک ازلی سرچشمہ سے تعلق کا احساس ہی وحدتِ انسانی اور حقیقی عدل کے احساس کو دلوں میں راسخ کر سکتا ہے۔ اسی لئے اسلامی فلسفہ کی رُو سے خالقِ حقیقی کی توحید کو دل سے تسلیم کئے اور اس پر سختی سے قائم ہوئے بغیر اور شرک اور بت پرستی کی ہر قسم اور شکل کو مسترد کئے بغیر وحدتِ انسانی کا قیام ممکن نہیں ہے۔

اسلام میں نسلی برتری کے احساس کی تردید

(ص) بین الاقوامی سطح پر باہمی بداعتمادی کا ایک بڑا سبب یہ ہے کہ بعض ترقی یافتہ قومیں نسلی برتری کے مرض میں مبتلا ہیں جس کے زیرِ اثر وہ دوسری قوموں کو حقیر جانتی اور انہیں حقارت کی نظر سے دیکھتی ہیں۔ قرآن مجید اس طرزِ عمل کی مذمت کرتا ہے اور ہدایت دیتا ہے کہ:

يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اِنَّا خَلَقْنٰكُمْ مِّنْ ذَكَرٍ وَّ اُنْثٰى وَ جَعَلْنٰكُمْ شُعُوْبًا وَّ قَبَآئِلَ لِتَعَارَفُوْا ط اِنَّ اَكْرَمَكُمْ عِنْدَ اللّٰهِ اَتْقٰىكُمْ ط (الحجرات: ۱۴)

ترجمہ:۔ لوگو! ہم نے تمہیں مرد اور عورت سے پیدا کیا ہے اور مختلف قوموں اور قبیلوں میں اس لئے تقسیم کیا ہے تاکہ تم ایک دوسرے کو پہچان سکو۔ لیکن اللہ کے نزدیک تم میں سے سب سے زیادہ معزز وہی ہے جو سب سے زیادہ متقی ہے۔

یہ ہے اسلام کی تعلیم جو رنگ، نسل اور عقیدہ کی بناء پر روا رکھے جانے والے تمام امتیازات کا خاتمہ کر دیتی ہے۔ یہ انسان کو یاد دلاتی ہے کہ آغاز سب کا ایک ہی ہے اور اسے یہ تلقین کرتی ہے کہ وہ نسلی اختلافات میں نہیں بلکہ صرف اور صرف تقویٰ میں امتیاز حاصل کر کے عزت کے متلاشی ہوں۔

بین الاقوامی معاہدات، باہمی تعاون اور امداد سے متعلق اسلامی تعلیم

قوموں کی برادری میں کسی قوم کے لئے ممکن نہیں ہے کہ وہ اقتصادی، سیاسی اور معاشرتی ضروریات کے تحت باہمی معاہدات کئے بغیر الگ تھلگ زندہ رہ سکے۔ اس معاملہ میں بھی اسلام ایک گروپ کو نقصان پہنچا کر دوسرے گروپ کے ساتھ ترجیحی سلوک کی بنیاد پر کئے جانے والے منفی قسم کے معاہدات کے نظریہ کو مسترد کرتا ہے۔ اس کی بجائے وہ ایسے معاہدات کی تعلیم دیتا ہے جو قرآن مجید کے درجِ ذیل حکم کی بنیاد پر مثبت اقدار کو فروغ دینے کی غرض سے کئے جائیں:



زیورک کے دانشوروں سے حضور ایدہ اللہ تعالیٰ کے خطاب سے قبل حاضرین کا ایک منظر۔

تَعَاوَنُوْا عَلَى الْبِرِّ وَ التَّقْوٰى (المائدہ: ۳)

ترجمہ:۔ تم نیکی اور تقویٰ کی بنیاد پر ایک دوسرے سے تعاون کرو

(ط) اسلام صرف ایسے تعاون سے ہی منع نہیں کرتا جو خود غرضی اور قومی ضرورتوں پر مبنی ہو بلکہ وہ کلیتہً بنی نوع انسان کی خدمت کی نیت سے بین الاقوامی سطح پر کئے جانیوالے باہمی تعاون کی تعلیم دیتا ہے۔ اور اس امر کو لازمی قرار دیتا ہے کہ ایسے تعاون سے ذاتی فائدہ اٹھانے کی کوشش نہ کی جائے۔ کہنے کا مطلب یہ ہے کہ وہ سیاسی گٹھ جوڑ کو خاطر میں لائے بغیر حاجت مندوں کی طرف دستِ تعاون بڑھانے کی شکل میں لوگوں سے مثبت کردار کی توقع کرتا ہے۔ اسلام بنی نوع انسان کی مدد کو سیاسی ضروریات کے ساتھ باندھنے کے نظریہ کا بھی سخت مخالف ہے اور اسے مسترد کرتا ہے۔ وہ ہمیں غیر مبہم اور واضح الفاظ میں خبردار کرتا ہے کہ وہ مالدار اقوام جو یہ سمجھتی ہیں کہ حاجت مند اقوام پر بڑی بڑی رقوم خرچ کر کے وہ دنیا پر اپنی بالادستی کو دائمی طور پر برقرار رکھ سکیں گی وہ سخت غلطی خوردہ ہیں۔ قرآن مجید کی رُو سے اگر مالی امداد کے ساتھ شرائط لگا دی جائیں تو امداد کی رقم کتنی ہی خطیر کیوں نہ ہو وہ سراسر بے فائدہ ہے اور کسی کام کی نہیں۔ صرف ایسی خدمات بنی نوع انسان کے لئے اور خود خدمات بجا لانے والوں کے لئے فائدہ مند ہو سکتی ہیں جو لوگوں کو دوسروں کی ماتحتی میں لانے والی غلامی کی زنجیروں کو توڑ کر ان کی رستگاری اور نجات کا موجب ہوں۔ اسلام جس بین الاقوامی امداد کا حامی ہے یہ اس کی بنیادی شرط ہے۔ قرآن مجید نے ایسے لوگوں کا ذکر کر کے جن کا بنی نوع انسان کی خاطر بڑی بڑی رقوم خرچ کرنا رائیگاں جاتا ہے ایسی امداد کے بنیادی نقص کا تجزیہ کیا ہے۔ وہ خبردار کرتا ہے کہ ایسے لوگ بنی نوع انسان کی بے غرض خدمت کا مشقت طلب اور کٹھن

Digitized by Khilafat Library Rabwah

راستہ اختیار نہیں کرتے جو شروع ہوتا ہے

فَكُّ رَقَبَةٍ (البلد: آیت ۱۴)

سے جس کے معنی یہ ہیں کہ جو شروع ہوتا ہے غلامی کی زنجیروں میں جکڑے ہوئے لوگوں کو آزاد کرنے سے نہ کہ بڑی قوموں کی غلامی میں جکڑے ہوؤں کی زنجیروں میں مزید زنجیروں کا اضافہ کرنے سے۔ اسلام ہمیں تعلیم دیتا ہے کہ محض خدمت کی نیت سے اور خدا کی خوشنودی حاصل کرنے کی غرض سے بھوکوں کو کھانا کھلاؤ۔ یتیموں کی پرورش کرو اور گرے پڑے اور دبے ہوئے لوگوں کو اٹھاؤ اور ان کی حالت بہتر بناؤ۔ اگر انسان سچی خدمت کے اس مقصد کو پالے صرف اور صرف تب ہی وہ دوسروں کے لئے نمونہ بننے کے قابل ہو سکتا ہے اور دوسروں کو اپنے نقش قدم پر چلنے کی تحریص کر سکتا ہے اور خود اپنے عملی نمونہ سے دوسروں کو صابر اور رحم دل بننے کی تعلیم دے سکتا ہے۔

جب کسی قوم میں اسلام کے بتائے ہوئے نظام عدل کا قیام عمل میں آجاتا ہے تو ان میں خدمت انسانیت کا ایسا جذبہ پیدا ہو کر اپنے ہم جنسوں کے ساتھ ان کی ہمدردی اور الفت کی کوئی حد نہیں رہتی۔ ایسے ہی لوگ ہوتے ہیں جو لقا کے راستہ پر قدم مارتے ہیں اور خدا ہی جس شکل میں بھی دنیا میں پھیلائی جاتی ہو اسے ختم کرنے اور اس کا نام و نشان مٹانے کی کوشش میں لگے رہتے ہیں۔

دُنیا کی موجودہ حالت اور اس کا تقاضا

جیسا کہ پہلے اشارہ کیا جا چکا ہے قرآن مجید نے ہمیں اس طرف توجہ دلائی ہے کہ اگر کوئی معاشرہ ناانصافی اور عدم مساوات کو اپنے معمولات میں داخل کر لیتا ہے تو وہ معاشرہ زوال پذیر ہوئے بغیر نہیں رہتا۔ بدقسمتی سے آجکل دنیا کچھ ایسی ہی صورت حال سے دوچار ہے۔ پھر آجکل کے معاشرہ کو صرف ایک مرض ہی لاحق نہیں۔ بہت سی بیماریاں ہیں جو اسے چمٹی ہوئی ہیں جو اس کے وجود کی جڑوں کو اندر ہی اندر گھن کی طرح کھا رہی ہیں۔ نتیجہ اس کا یہ ہے کہ نوع انسانی تحفظ اور امن و عافیت سے عاری ہوتی جا رہی ہے اور نا امیدی اور مایوسی کی دلدل میں تیزی سے دھنستی جا رہی ہے اور بحیثیت تباہی کی طرف بڑھ رہی ہے۔

قرآن کریم کے بیان کردہ اصولوں کے مطابق (جن میں سے ایک یہ ہے کہ خدا تعالیٰ کسی قوم کے بُرے اعمال کی وجہ سے اسے سزا دینے اور صفحۂ ہستی سے اس کا نام و نشان مٹانے کا فیصلہ کرنے سے قبل لوگوں کو آنے والی تباہی سے خبردار کرنے کے لئے اپنے کسی مامور کو مبعوث فرماتا ہے۔) ہم اس بات پر ایمان رکھتے ہیں کہ اسلام میں سلسلہ عالیہ احمدیہ کے بانی حضرت مرزا غلام احمد خدا تعالیٰ کے وہی بندۂ اخص ہیں جنہیں خدا تعالیٰ نے اس لئے بھیجا کہ آپ بنی نوع انسان کو اس کے خالق کی طرف واپس لائیں اور انہیں خبردار کریں کہ اگر وہ اس کی آواز پر کان نہیں دھریں گے تو ان کا تباہی سے دوچار ہونا مقدر ہے۔ حضرت احمد ۱۸۳۵ء میں ہندوستان کی ایک گمنام بستی قادیان میں پیدا ہوئے تھے۔ ۱۸۸۹ء میں آپ نے دعویٰ کیا کہ آپ وہی موعود ہیں جس کی آمد کی قدیم مذہبی کتب میں پیشگوئی موجود ہے۔ اور خود حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی اس کے مبعوث ہونے کی بشارت دی ہے۔

اس زمانے کے متعلق بعض انذاری پیشگوئیاں

اب میں حضرت احمد کی تحریرات میں سے بعض اقتباسات پڑھوں گا جن میں آپ نے یہ پیشگوئی فرمائی ہے کہ اگر انسان نے اپنی اصلاح نہ کی اور اپنے خالق کی طرف رجوع نہ کیا تو انسان کو ہولناک تباہیوں کا منہ دیکھنا پڑے گا۔

۱۹۰۵ء میں آپ نے اپنی ایک نظم میں فرمایا:۔

۱۔ اک نشاں ہے آنے والا آج سے کچھ دن کے بعد
جس سے گردش کھائیں گے دیہات و شہر و مرغزار
آئے گا قہرِ خدا سے خلق پر وہ انقلاب
اک برہنہ سے نہ یہ ہوگا کہ تا باندھے ازار
اک جھپک میں یہ زمیں ہو جائے گی زیر و زبر
نالیاں خوں کی چلیں گی جیسے آب رود بار
مضمحل ہو جائیں گے اس خوف سے سب جن و انس
نہ ارم بھی ہوگا تو ہوگا اسی گھڑی با حال زار
اک نمونہ قہر کا ہوگا وہ ربانی نشاں
آسماں حملے کرے گا کھینچ کر اپنی کٹار
وہ تباہی آئے گی شہروں پہ اور دیہات پر
جس کی دنیا میں نہیں ہے مثل کوئی زینہار
ایک ہی گردش سے گھر ہو جائیں گے مٹی کا ڈھیر
جس قدر جانیں تلف ہوں گی نہیں اس کا شمار

۲۔ آپ نے مزید فرمایا:۔

پھر چلے آتے ہیں یارو زلزلہ آنے کے دن ؛ زلزلہ کیا اِس جہاں سے کوچ کر جانے کے دن
وہ چمک دکھلائے گا اپنے نشاں کی پنج بار ؛ یہ خدا کا قول ہے سمجھو گے سمجھانے کے دن

(حقیقۃ الوحی)

۳۔ ایک الہام کے ذریعہ حضرت احمد کو بتایا گیا:۔

"خدا تجھے قیامت والا زلزلہ دکھائے گا۔ اُس دن کہا جائے گا آج کس کا ملک ہے؟ کیا اس خدا کا ملک نہیں جو سب پر غالب ہے؟ اور میں اس زلزلہ کے نشان کی پنج مرتبہ تم کو چمک دکھلاؤں گا۔ اگر چاہوں تو اُس دن دنیا کا خاتمہ کر دوں۔" (حقیقۃ الوحی صفحہ ۹۳)

۴۔ جیسا کہ حضرت احمد نے جن پر یہ الہام نازل ہوا خود واضح فرمایا ہے ان پیشگوئیوں میں زلزلہ کا جو ذکر آیا ہے اسے لفظی معنوں پر ہی نہ محمول کیا جائے بلکہ اس سے مراد ایسی دیگر آفات بھی ہو سکتی ہیں جن کی کوئی مثال قبل ازیں دیکھنے میں نہ آئی ہو۔ آپ نے موجودہ تہذیب کو ان الفاظ میں خبردار فرمایا:۔

"زمین پر اس قدر تباہی آئے گی کہ اُس روز سے کہ انسان پیدا ہوا ایسی تباہی کبھی نہیں آئی ہوگی اور اکثر مقامات زیر و زبر ہو جائیں گے کہ گویا ان میں کبھی آبادی نہ تھی اور اس کے ساتھ اور بھی آفات زمین و آسمان



حضور ایدہ اللہ تعالیٰ کے علمی لیکچر (نیو اپارک ہوٹل نیویارک) کا ایک اور منظر

میں ہولناک صورت میں پیدا ہوں گی۔ یہاں تک کہ ہر ایک عقلمند کی نظر میں وہ باتیں غیر معمولی ہو جائیں گی۔ اور ہیئت اور فلسفہ کی کتابوں کے کسی صفحہ میں ان کا پتہ نہیں ملے گا تب انسانوں میں اضطراب پیدا ہوگا کہ یہ کیا ہونے والا ہے اور بہتیرے نجات پائیں گے اور بہتیرے ہلاک ہو جائیں گے۔

Digitized by Khilafat Library Rabwah

وہ دن نزدیک ہیں بلکہ مَیں دیکھتا ہوں کہ دروازہ پر ہیں کہ دنیا قیامت کا نظارہ دیکھے گی اور نہ صرف زلزلے بلکہ اَور بھی ڈرانے والی آفتیں ظاہر ہوں گی۔ کچھ آسمان سے اور کچھ زمین سے۔ یہ اس لئے کہ نوع انسان نے اپنے خدا کی پرستش چھوڑ دی ہے اور تمام دل اور تمام ہمت اور تمام خیالات سے دنیا پر ہی گر گئے ہیں۔

اے یورپ تُو بھی امن میں نہیں! اے ایشیا تُو بھی محفوظ نہیں اور اے جزائر کے رہنے والو! کوئی مصنوعی خدا تمہاری مدد نہیں کرے گا۔ مَیں شہروں کو گرتے دیکھتا ہوں اور آبادیوں کو ویران پاتا ہوں۔ وہ واحد یگانہ ایک مدت تک خاموش رہا اور اس کی آنکھوں کے سامنے مکروہ کام کئے گئے اور وہ چپ رہا۔ مگر اب وہ اپنی صفت کے ساتھ اپنا چہرہ دکھلائے گا۔ جس کے کان سننے کے ہوں سُنے کہ وہ وقت دُور نہیں۔ مَیں نے کوشش کی کہ خدا کی امان کے نیچے سب کو جمع کروں پر ضرور تھا کہ تقدیر کے نوشتے پورے ہوتے۔ مَیں سچ سچ کہتا ہوں کہ اس ملک کی نوبت بھی قریب آتی جاتی ہے۔ نوح کا زمانہ تمہاری آنکھوں کے سامنے آجائے گا اور لوط کی زمین کا واقعہ تم بچشم خود دیکھ لوگے مگر خدا غضب میں دھیما ہے۔ توبہ کرو تا تم پر رحم کیا جائے۔ جو خدا کو چھوڑتا ہے وہ ایک کیڑا ہے نہ کہ آدمی اور جو اس سے نہیں ڈرتا وہ مردہ ہے نہ کہ زندہ"۔ (حقیقۃ الوحی ص ۲۵۶-۲۵۷)

ان پیشگوئیوں پر ایک ساتھ غور کیا جائے تو یہ امر واضح ہو جاتا ہے کہ حضرت احمد نے نوع انسانی کو پانچ بڑی تباہیوں سے خبردار کیا ہے۔ دنیا بڑے بڑے زلزلے اور دو عالمی جنگیں دیکھ چکی ہے۔ جن کے ذریعہ یہ پیشگوئیاں ابھی جزوی طور پر پوری ہوئی ہیں۔ جہاں تک دو عالمی جنگوں کا تعلق ہے مجھے ان کے بارہ میں زیادہ کچھ کہنے کی ضرورت نہیں کیونکہ ان جنگوں کے نتیجہ میں جو تباہی و بربادی پھیلی اس سے آپ لوگ بدرجہ اولیٰ واقف ہیں۔ میرے پیشِ نظر فی الوقت آپ کو تیسری عالمی جنگ کے بارہ میں انتباہ کرنا ہے جو نوع انسانی کے سروں پر منڈلا رہی ہے اور عین ممکن ہے کہ یہ جنگ جیسا کہ حضرت احمد نے پیشگوئی فرمائی ہے پانچویں اور سب سے بڑی تباہی ثابت ہو۔ آپ نے خبردار فرمایا ہے کہ آخری تباہی اس قدر ہولناک ہوگی کہ نوع انسان کی تاریخ میں اس قدر ہولناک تباہی پہلے کبھی نہ آئی ہوگی۔ یہ تباہی خلاف توقع اور اچانک رونما ہوگی۔ اور روئے زمین پر بسنے والے تمام انسان اس کی لپیٹ میں آئے بغیر نہ رہیں گے۔ اس کے خوف اور صدمہ سے بہت سے لوگوں کے حواس جاتے رہیں گے۔ اور ان کا دماغی توازن بگڑ جائے گا۔ مسافروں اور راہگیروں کو سخت مصیبت کا سامنا کرنا پڑے گا۔ بے شمار انسانی جانیں تلف ہو جائیں گی۔ دنیا کا نقشہ ہی بدل جائے گا اور وہ ایک نیا رنگ اختیار کر لے گی۔ انسانی سوچ کا انداز اور نقطہ نظر یکسر بدل جائے گا۔ الغرض ایک انقلاب عظیم رونما ہوئے بغیر نہ رہیگا۔

جیسا کہ مَیں نے ابھی اشارہ کیا ہے ان میں سے بہت سی پیشگوئیاں بہت ہی حیرت انگیز طریق پر پوری ہو چکی ہیں۔ ان پیشگوئیوں کے پورا ہونے کی ایک نمایاں مثال وہ انتہائی اذیت ناک مصیبت ہے جو زار روس پر ٹوٹی جس زمانہ میں یہ پیشگوئی شائع ہوئی اُس وقت زار کی طاقت اور اس کا اقتدار انتہائی عروج کو پہنچا ہوا تھا۔ لفظاً اور معناً وہ ایک ایسا باجبروت بادشاہ تھا کہ جسے اپنی سلطنت پر کُلّی اقتدار حاصل تھا اور کوئی اس کے سامنے دم نہ مار سکتا تھا۔ اُس وقت اور اُس زمانہ میں حضرت احمد نے دنیا کو خبردار فرمایا کہ وہ وقت قریب ہے کہ جب زار پر ایسی مصیبت ٹوٹے گی کہ اس کی حالتِ زار انتہائی قابلِ رحم ہوگی اور اسے اذیت ناک انجام سے دوچار ہونا پڑے گا۔ خدا کے کام عجیب ہیں۔ ۱۹۰۵ء میں اس پیشگوئی کے شائع ہونے کے بعد چند ماہ کے اندر اندر روس میں وہ سیاسی پارٹی اُبھری جس نے اگلے چودہ سال کے اندر ایسے حالات پیدا کر دیئے کہ جن کے نتیجہ میں یہ عظیم الشان پیشگوئی حرف بحرف پوری ہوئی۔

جب ۱۹۰۵ء میں حضرت احمد نے آسمانی حملوں اور فضا سے آگ برسنے کی پیشگوئی



نو واپارک ہوٹل میں خطاب کے بعد حضور ایدہ اللہ تعالیٰ سوالوں کے جواب دے رہے ہیں۔

فرمائی اُس وقت فضائی حملوں کا سرے سے کوئی امکان نہ تھا اور کوئی ان کا تصور بھی نہ کر سکتا تھا۔ فضائی اڑان کی جہت میں ترقی ابھی بہت دُور کی بات تھی۔ رائٹ برادران (WRIGHT BROTHERS) فضا میں اڑنے والی مشین ایجاد کرنے کی جدوجہد کے دوران ابھی تجربات کے ابتدائی مراحل میں سے گذر رہے تھے۔ اس پیشگوئی کے شائع ہونے کے تین سال بعد ستمبر ۱۹۰۸ء میں رائٹ برادران نے فضا میں اڑنے کا دوسرا کامیاب تجربہ کیا اور یہ مرحلہ تو ابھی کئی سال بعد آنا تھا کہ انسانی تاریخ میں پہلی بار بموں کی شکل میں ہلاکت خیز آگ برسانے کے لئے ہوائی جہاز استعمال ہوں۔

کہنے والے کہہ سکتے ہیں کہ جن پیشگوئیوں کا مَیں ذکر کر رہا ہوں اُن کا تعلق ایٹمی دَور سے پہلے کے زمانہ سے ہے اور حضرت احمد کے زمانہ میں زرخیز دماغ رکھنے اور تخیلات کے ذریعہ مستقبل میں جھانکنے کی اہلیت رکھنے والا کوئی بھی شخص ایسے واقعات رونما ہونے کی پیشگوئی کر سکتا تھا۔ لیکن سوال یہ ہے کہ کیا زرخیز تخیلاتی ذہن رکھنے والا کوئی شخص ۱۹۰۸ء میں جبکہ ابھی کسی کے وہم و گمان میں بھی یہ بات نہ تھی کہ جوہری اسلحہ بھی بنایا جا سکتا ہے ایک ایسی ہولناک تباہی و بربادی کے رونما ہونے کی خبر دے سکتا تھا جو صرف جوہری ہتھیاروں کے نتیجہ میں ہی آسکتی تھی؟ اس کے باوجود ہم دیکھتے ہیں کہ حضرت احمد نے اُس زمانہ میں یہ پیش گوئی فرمائی کہ وہ تباہی و بربادی جو انسان پر آنے والی ہے اتنی ہولناک اور ہمہ گیر ہوگی کہ دنیا کے بعض علاقوں سے زندگی کا نام و نشان مٹ جائے گا یعنی ہر جاندار چیز فنا ہو جائے گی۔ یہ ایک ایسی غیر معمولی اور عجیب و غریب تباہی کی نشاندہی ہے جو مروّجہ ہتھیاروں کے ذریعہ رونما ہو ہی نہیں سکتی تھی۔ چنانچہ آپ نے فرمایا:۔

"زمین پر اس قدر تباہی آئے گی کہ اُس روز سے کہ انسان پیدا ہوا ایسی تباہی کبھی نہیں آئی ہوگی۔ اور اکثر مقامات زیر و زبر ہو جائیں گے کہ گویا ان میں کبھی آبادی نہ تھی"۔

اقوامِ عالم کے لئے انتباہ

اس طرح اگر دیکھا جائے تو آخری زمانہ میں نوع انسان پر آنے والی مہیب آفتوں کے متعلق تباہی و بربادی کا جو نقشہ قرآن نے بیان کیا ہے حضرت مرزا غلام احمد کی پیشگوئیوں میں اسے ہو بہو دوہرایا گیا ہے۔

تاہم اس ضمن میں یہ بتانا بھی ضروری ہے کہ انسان اگر سچی ندامت، خلوصِ دل اور نیک نیتی کے ساتھ اپنے خالق و مالک کی طرف رجوع کرے تو وہ اس ہولناک انجام سے بچ سکتا ہے۔ اسے قلبی ندامت اور کمال درجہ عاجزی کے ساتھ آستانۂ الٰہی پر گرنا چاہیئے۔ اسے اپنے گناہوں اور خطا کاریوں کی معافی مانگتے ہوئے خدا تعالیٰ سے رحم کی بھیک مانگنی چاہیئے۔ اسے چاہیئے کہ وہ ہر قسم کے تکبّر، خود پسندی اور خود غرضی سے کنارہ کش ہو جائے۔ اسے اپنے دل کو ہر قسم کی گندگی اور اباحت سے پاک کر کے خدا تعالیٰ سے اس کی نصرت کا طالب ہونا

Digitized by Khilafat Library Rabwah

چاہیئے اور اسے دعا کرنی چاہیئے کہ وہ صراطِ مستقیم کی طرف اس کی رہنمائی کرے اور اسے سیدھے راستہ پر چلنے کی توفیق عطا فرمائے۔ اگر انسان ایسا کرے گا تو خدا ضرور رجوع برحمت ہوگا اور صداقت کے ہر متلاشی کی وہ صراطِ مستقیم کی طرف رہنمائی کرے گا، وہی صراطِ مستقیم جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا بتایا ہوا راستہ ہے یعنی اسلام کا متعین کردہ راستہ۔ جب تک انسان ہر قسم کی کبر اور بڑائی کو نہیں ترک کرے گا اور جب تک انسانی معاشرہ ہر قسم کی اونچ نیچ اور عدم مساوات سے پاک نہیں ہوگا اُس وقت تک نوعِ انسان کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے نقشِ قدم پر چلنے کی توفیق نہیں ملے گی، جن کی لائی ہوئی تعلیم خود قرآن مجید کی رو سے ہر قسم کی کجی سے برتر ہے جیسا کہ خود قرآن مجید میں آتا ہے:۔

(طٰہٰ: ۱۰۹)

(وہ پکارنے والا جس کی تعلیم میں کوئی کجی نہیں)

یہ اس اقتدار اور اُن بشارتوں کا انتہائی مختصر خلاصہ ہے جن کے ساتھ آج نوعِ انسانی کا مقدر وابستہ ہے۔

پھر اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں اُس بنیادی اصل کو واضح فرمایا ہے جس کے تحت وہ عذاب نازل کرتا اور رجوع برحمت ہوتا ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:۔

(الاعراف: ۱۵۷)

ترجمہ: میں جس (مستحق) کو چاہوں گا اپنا عذاب دوں گا لیکن میری رحمت ہر چیز پر حاوی ہے۔

اس قرآنی اصل کو مدنظر رکھتے ہوئے میں حضرت مرزا غلام احمد قادیانی علیہ السلام کے چوتھے خلیفہ اور جماعت احمدیہ کے امام کی حیثیت سے آپ لوگوں کو دعوت دیتا ہوں کہ آپ اس خدا کی طرف رجوع کریں جو میرا بھی رب ہے اور آپ کا بھی رب ہے۔ میں آپ تک یہ خوشخبری پہنچاتا ہوں کہ تباہی اور بربادی مسلط ہونے کی پیشگوئیوں کو ٹالا جا سکتا ہے اور انسان خدا تعالیٰ کے عذاب کا مورد بننے کی بجائے اس کی رحمتوں اور فضلوں کا وارث بن سکتا ہے۔

نا انصافی اور عدم مساوات پر مبنی سوسائٹی کو ایک اخوت اور مساوات کے آئینہ دار معاشرہ میں بدلا جا سکتا ہے لیکن ایک شرط ہے اور وہ اکیلی شرط یہ ہے کہ انسان کو چاہیئے کہ وہ اپنے خالق کی طرف رجوع کرے اور پورے خلوص کے ساتھ ندامت کا اظہار کرتے ہوئے اس کے ساتھ زندہ تعلق قائم کرے۔

موجودہ زمانہ میں انسان کی قابلِ رحم حالت دیکھ کر میرا دل درد اور کرب کی وجہ سے خون کے آنسو روتا ہے۔ بنی نوع انسان کی محبت اور اپنے ہم جنسوں کی ہمدردی مجھے مجبور کرتی ہے کہ میں آپ صاحبوں کو دعوت دوں کہ آپ اللہ تعالیٰ کے برگزیدہ رسول محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی پیروی اختیار کریں اور آپؐ کے نقشِ قدم پر چلیں۔ اللہ تعالیٰ نے آپؐ کو تمام جہانوں کے لئے رحمت بنا کر بھیجا ہے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ایک ادنیٰ غلام کی حیثیت سے آپ صاحبان سے میری بڑی ہی مخلصانہ درخواست ہے کہ آپ میری اس دعوت کی طرف بڑی سنجیدگی سے متوجہ ہوں اور کھلے دل اور کھلے ذہن کے ساتھ اس پر غور کریں۔

اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے اس دَور کے انسان کو اپنی حالت کو بدلنے، اپنے اطوار کی اصلاح کرنے اور جھوٹے خداؤں کی پرستش سے باز آنے کی توفیق عطا فرمائے۔ خدا کرے کہ وہ یونسؑ نبی کے پیروؤں کی طرح اپنے آپ کو خدا تعالیٰ کے آستانہ پر ڈال دیں اور ہر شہر اور ہر قصبہ میں خدائے واحد کی طرف رجوع کرنے اور جھکنے کا ہم وہی نظارہ دیکھیں جیسا کہ یونسؑ نبی کی قوم کے کردار میں دنیا نے دیکھا تھا۔

اے خدا تو ایسا ہی کر۔



اوسلو (ناروے) کی استقبالیہ تقریب میں میئر نورائینگن سے گفتگو

سلام

بحضور حضرت
خلیفۃ المسیح الرابع

ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز

سلام اُس پر جسے حق نے خلافت کی ردا بخشی
سلام اُس پر ملی جس کو قیادت اِس جماعت کی
سلام اُس پر کہ جو ہے مہبطِ انوارِ یزدانی
سلام اُس پر بنا جو جانشینِ حضرتِ ناصر
سلام اُس پر جماعت کو ملی جس سے شکیبائی
سلام اُس پر "بیوت الحمد" کی جس نے بنا رکھی
سلام اُس پر جو حُسنِ سیرت و صورت میں ہے یکتا
سلام اُس پر فصاحت جس کی ہے تقریر کا خاصہ
سلام اُس پر جسے قرآن سے ہے عشق لاثانی
سلام اُس پر خدا سے جس کا اِک زندہ تعلق ہے

بلا جس کو بفضلِ ایزدی یہ رُتبۂ عالی
مسیحِ پاک نے خود آپ تھی جس کی بنا ڈالی
ہُوئی ہے جس سے چوتھی بار ظاہر قدرتِ ثانی
کلامُ اللہ کا جس سے شرف پھر ہو گیا ظاہر
وہ جس کے دَم قدم سے دین نے پھر تمکنت پائی
غریبوں بے کسوں سے یُوں کیا اظہارِ ہمدردی
جنابِ مُصلحِ موعُود و مریم کا جگر گوشہ
بلاغت کا ہے اک اعلیٰ نمُونہ جس کا ہر جُملہ
احادیثِ نبیؐ سے جس کو اِک نسبت ہے رُوحانی
وہ جس کی خاکِ پا پہ میرا ہر ذرّہ تصدّق ہے

سلام اُس میرے آقا پر کہ طاہرؔ نام ہے جس کا
محمد مصطفیٰؐ کے دیں کی خدمت کام ہے جس کا

★

مکرم افتاب احمد صاحب بسمل کراچی

Digitized by Khilafat Library Rabwah

یورپ میں اسلام کا شاندار مستقبل

محمود ڈاکٹر قیس مینائی کراچی

میں بھی پروردۂ اسلام رہا ہوں صدیوں
پھر مجھے سلکِ محبت میں پرو لو آکر
خیر سے جبکہ ہوا حضرتِ مہدی کا ظہور

یاد کر کر کے یہ کہتا تھا ہمارا اندلس
کر رہا تھا ہمیں رہ رہ کے اشارا اندلس
مضطرب ہو کے بہت پھر تو پکارا اندلس

حضرتِ مصلحِ موعود تھے بے چین ادھر
حکم سے حضرتِ محمود کے مانندِ ایاز
کر کے اس مردِ حق آگاہ نے حق کی تبلیغ

اور اسپین اُدھر منتظر و چشم براہ
چل پڑا اپنا "ظفر" مردِ حقیقت آگاہ
حق ادا کر دیا تبلیغ کا ماشاء اللہ

اہلِ اسپین کے دل جیت لئے "ناصر" نے
ملکِ اسپین کا آئین بدلوا ڈالا!
نور سے پیدرو آباد کو آباد کیا

آپ نے وہ نظرِ چشمِ محبت ڈالی
پائے توثیق میں زنجیرِ مروت ڈالی
ظلمتِ کفر میں بنیادِ اخوت ڈالی

قلبِ یورپ میں وہ توحید کا جھنڈا گاڑا
کیوں نہ تعمیرِ لشبارت سے ہو راضی اللہ
ہو گئی پیدرو آباد میں مسجد تعمیر

سرنگوں ہو گئے تعظیم کو تثلیث و صلیب
کیوں نہ مسرور ہو اللہ تعالیٰ کا حبیبؐ
اہلِ یورپ ہوئے اسلام کے کچھ اور قریب

بارآور ہوا اندلس میں درختِ تبلیغ
کیوں نہ فردوس میں پھر جشن منائیں ابرار
یہ خوشی عالمِ اسلام مبارک ہو تجھے

کیوں نہ پھر خلد میں مسرور ہو روحِ محمود
کیوں نہ جنت میں ہوں پھر شاد مسیحِ موعود
لاکھ ناراض ہو شیطانِ لعین و مردود

پھر سے مستقبلِ اسلام ہوا ہے روشن
کس نے اسپین میں دروازۂ مسجد کھولا
طاہر احمد کہ جو ہے قوم کا سرخیل و امام

از سرِ نو ہوئی تثلیث پہ غالب توحید
کس کو اللہ تعالیٰ نے عطا کی ہے کلید
دور میں جس کے ہوئی عالمِ اسلام کی عید

خاکِ اندلس کو دیا تو نے جو نذرانۂ جاں
سالہا سال چٹانوں سے تو ٹکرایا ظفر!
آگیا اک نئی تعمیر کے سامان لئے
سینکڑوں سال کلیسا کا گجر سننے کے بعد
چل کے اسپین سے یہ مژدۂ جاں بخش ہوا
لے اڑے کتنے صحیفوں کے صحافی یہ خبر
جانے کیوں اتنے پریشاں ہیں ترے شہر کے لوگ!
غم نہ کر تو، تری قربان گہہ جذبۂ شوق
مل گئی تیرے جنوں کو دلِ ناصرؒ کی تڑپ
علم کے چشمے پھر اس خاک سے پھوٹیں گے نئے
وہ شریکِ سفرِ زیست تری، اس کو سلام
ہدیۂ لختِ جگر لے گئے اللہ کے پاس
اے ظفر! اے مرے ہسپانیہ کے عطر فروش!
دل کھنچے آئیں گے اب پیار کی زنجیروں سے

پھر سے بیدار دلوں میں ہوا احساسِ زیاں
کر لیا سر تری ہمت نے مگر کوہِ گراں
پیدرو آباد میں اک قافلۂ ہم نفساں
مرتعش اس کی فضا میں ہوئی آوازِ اذاں
صوت و تصویر کی لہروں پہ ہر اک سمت رواں
شرق اور غرب میں یہ بات ہوئی ورد زباں
در مقفل ہیں، دریچے بھی ہوئے بند یہاں!
پھر سے بن جائے گی جولاں گہہ زندہ دلاں
آہ وہ دل تھا کہ اک کارگہہ شیشہ گراں
چشمِ طاہر ہوئی جس خاک پہ خونابہ فشاں
سارے ارمانوں کو تج کر جو رہی شعلہ بجاں
کتنے خوش بخت خوش اقبال تھے وہ باپ وہ ماں
تو اڑا لایا ہے کس باغ سے خوشبوئے جناں
"ہے یہ تقدیر خداوند کی تقدیروں سے"



مکرم عبدالمنان ناہید صاحب
— راولپنڈی —

Digitized by Khilafat Library Rabwah

مسجد بشارت سپین کے تاریخ ساز افتتاح کا عالمگیر چرچا

دنیا بھر کے اخبارات میں شائع ہونیوالی بعض خبروں کے تراجم


حضور کے حالیہ دورۂ یورپ کے خوشکن اثرات کی ایک جھلک

قرطبہ (سپین) کے نواح میں ساڑھے سات سو سال بعد تعمیر ہونے والی تاریخ ساز مسجد "بشارت" کا تاریخی افتتاح پندرہویں صدی ہجری کے اوائل میں رونما ہونے والا ایک ایسا انقلاب انگیز واقعہ ہے جس نے اقصائے عالم میں تہلکہ مچا کر ساری دنیا کو ہلا کر رکھ دیا ہے۔ دنیا بھر کے اخبارات کئی ہفتوں تک نہایت مفصل خبروں، ادارتی تبصروں، تفصیلی مضامین اور مسجد کی افتتاحی تقریب کے بڑے سائز کے فوٹوؤں کی شکل میں تاریخ کا دھارا موڑنے والے اس انقلاب انگیز واقعہ کی صدائے بازگشت سے گونجتے رہے ہیں اور ہنوز گونج رہے ہیں اسی طرح حضور کے نو۹ ملکوں پر پھیلے ہوئے حالیہ دَورۂ یورپ کی خبریں بھی دنیا بھر کے اخبارات میں بڑی کثرت سے شائع ہوئیں۔

ہم نے کوشش کی کہ عالمی اخبارات میں شائع ہونیوالی خبروں، ادارتی تبصروں، تفصیلی مضامین اور فوٹوؤں کے تراشے حاصل کر کے ان کے عکس اور اردو تراجم یکجائی صورت میں شائع کئے جائیں۔ ہر چند کہ اقصائے عالم سے دنیا بھر کے ممالک کے اخبارات یا انکے تراشے حاصل کرنا ایک دقّت طلب امر تھا تاہم دنیا کی مختلف زبانوں کے تراشوں کو اردو میں منتقل کرنے کا اہتمام بھی کچھ کم مشکل نہ تھا۔ مختلف ملکوں اور زبانوں کے جو تراشے دستیاب ہو سکے ہیں اور ان میں سے جن کو اردو میں منتقل کیا جا سکا ہے ان میں سے بعض کے عکس اور تراجم آئندہ صفحات میں ہدیۂ قارئین کئے جا رہے ہیں۔ ان کے یکجائی مطالعہ سے یہ حقیقت آشکار ہوتی ہے کہ اللہ تعالیٰ کے فضل سے سیدنا حضرت المصلح الموعود خلیفۃ المسیح الثانی نوّر اللہ مرقدہٗ کا یہ عزم مسلسل عمل میں ڈھلتا چلا آ رہا ہے ؎

محمود کر کے چھوڑیں گے ہم حق کو آشکار
رُوئے زمیں کو خواہ ہلانا پڑے ہمیں

Digitized by Khilafat Library Rabwah



زیورک (سوئٹزرلینڈ) میں پریس کانفرنس کا ایک منظر



زیورک میں حضور ایدہ اللہ پریس کانفرنس سے خطاب فرما رہے ہیں



امریکی قونصل جنرل ڈاکٹر الفریڈ برینارڈ کے ساتھ زیورک میں دیئے گئے استقبالیہ میں محو گفتگو
(۳۰ اگست ۱۹۸۲ء)



برمنگھم ۔ حضور کے اعزاز میں دیئے گئے استقبالیہ کے شرکاء



نووا پارک ہوٹل زیورک میں استقبالیہ میں حضور کے دائیں۔ آسٹریا کے قونصل جنرل ڈاکٹر سیگور اور مغربی جرمنی کے قونصل جنرل آرڈ یرنیکر۔ اور بائیں طرف لکسمبرگ کے قونصل جنرل پیرد فرنز
(۳۰ اگست ۱۹۸۲ء)



بریڈفورڈ کی لارڈ ڈپٹی میئر صاحبہ حضور ایدہ اللہ کو خوش آمدید کہہ رہی ہیں۔



Top table guests, sampling the curry, included the Mayor of Rochester upon Medway Cllr Barry Flack, and the Mayor and Mayoress of Gillingham Cllr Albert and Florence Spells.

Cllr Flack quoted from the sayings of Mohammed and praised the hard work of an Asian community and their strong sense of family unity.

The mosque building was leased to the Ahmadiyya community by Kent County Council in 1976. It has now been handed over permanently.



Cllr Spells greets the Caliph at the opening of the Gillingham Mosque.

ایک کروڑ مسلمانوں کے مذہبی پیشوا نے مڈوے کے علاقے میں نسلی ہم آہنگی کی تعریف کرتے ہوئے اسے ایک تاریخ ساز جذبہ سے تعبیر کیا ہے۔ آپ پہلی بار اس شہر کے دورے پر آئے تھے۔

احمدیہ مسلم تحریک کے سربراہ تقدس مآب حضرت مرزا طاہر احمد کے دورۂ یورپ کا اختتام مڈوے روڈ جلنگھم پر ایک مسجد کے افتتاح اور چیتھم ٹاؤن ہال میں ایک استقبالیہ دعوت پر ہوا۔

دنیا بھر میں پھیلی ہوئی جماعت کے خلیفہ نے ٹاؤن ہال میں گفتگو کرتے ہوئے "امن، ہم آہنگی اور تعاون باہمی کی اس خوشگوار فضا کا شکریہ ادا کیا۔ جس کا مشاہدہ انہوں نے اپنے حالیہ تاریخی دورہ میں کیا۔

انہوں نے کہا کہ برطانیہ کے بارے میں غیر ممالک میں جو خبریں پہنچتی ہیں ان کو سامنے رکھتے ہوئے مڈوے کی صورت حال بہت حیران کن ہے۔ اور انہوں نے امید ظاہر کی کہ اس تعاون باہمی کی جڑیں بڑی گہری ہونگی۔

مسجد میں انہوں نے بیعت لی کیونکہ وہ حال ہی میں اپنے بھائی کی وفات کے بعد جماعت احمدیہ کے چوتھے سربراہ منتخب ہوئے ہیں۔

حضرت امام جن کی عمر ۵۴ سال ہے آکسفورڈ یونیورسٹی کے گریجوایٹ ہیں۔ انہوں نے سوسائٹی کے دسیوں طبقوں سے آئے ہوئے مہمانوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ جو بھی قومی یا تہذیبی اختلاف ہوں اس کے باوجود ہم ایک مشترک خدا پر یقین رکھتے ہیں۔

تقریب کے نمایاں ترین شرکاء میں روچیسٹر (مڈوے) کے میئر کونسلر فلیک

CLIR BARRY FLACK

اور جلنگھم کے میئر اور ان کی بیگم کلیر البرٹ اور فلورنس سپیلز

CLIR ALBERT And FLORENCE SPELLS

شامل تھے۔

کونسلر فلیک صاحب نے (حضرت) محمد (مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم) کی تعلیمات کا حوالہ دیا اور ایک ایشیائی جماعت کی محنتوں اور جماعتی اتحاد کے گہرے شعور کو سراہا۔

اس مسجد کی بلڈنگ کینٹ کاؤنٹی کونسل نے ۱۹۷۴ء میں جماعت احمدیہ کو لیز پر دی تھی اور اب یہ ان کو مستقل طور پر دیدی گئی ہے۔

(چیتھم روچسٹر اینڈ جلنگھم ایوننگ پوسٹ ۶ر اکتوبر ۱۹۸۲ء صـ۱۱)

مسلم جماعت احمدیہ کے اراکین سپین جا رہے ہیں۔ لیکن وہ یورپ کے عام سیاحوں کی طرح وہاں دھوپ سینکنے نہیں جا رہے۔ وہ وہاں پر اس مسجد کی تقریب افتتاح میں شرکت کرنے جا رہے ہیں جو سپین سے مسلمانوں کے نکالے جانے کے ۵۰۰ سال بعد پہلی بار تعمیر ہو رہی ہے۔ خلیفہ خود بھی وہاں موجود ہوں گے۔ لیکن صرف یہی (یعنی سپین میں مسجد کا افتتاح) ایک قابل فخر کارنامہ نہیں۔ خلیفہ جلنگھم بھی آئیں گے جہاں پر وہ ۵ر اکتوبر بروز منگل یہاں کی جماعت کی طرف سے نوتزئین شدہ مسجد کا افتتاح کریں گے۔

ایوننگ پوسٹ ۱۴ر اکتوبر ۱۹۸۲ء

خلیفہ مسجد کا افتتاح کریں گے

CALIPH TO OPEN MOSQUE

MEMBERS of Medway's Ahmadiyya Muslim community are off to Spain.

But it's not to soak up the sun.

They are to take part in the opening ceremony of the first mosque to be built there since the Inquisition 500 years ago.

The Caliph himself will be present but that is not the only honour in store.

The Caliph is to travel to Gillingham to open the community's newly renovated mosque in Medway Road on Tuesday, October 5.

Digitized by Khilafat Library Rabwah

العرب (عربی سے ترجمہ)

قرطبہ میں ایک نئی مسجد کا افتتاح

میڈرڈ۔ العرب۔ طلعت شاہین

اس ہفتہ اندلس میں ایک نئی مسجد کا افتتاح عمل میں آیا۔ احمدیہ جماعت نے پیڈرو آباد کی بستی کے قریب ایک نئی مسجد تعمیر کی ہے یہ جگہ قرطبہ شہر سے چالیس کلومیٹر کے فاصلہ پر واقع ہے اِس مسجد کی تعمیر پر ہسپانوی سکہ میں تین کروڑ پسیتہ کے قریب خرچ آیا ہے: مسجد کی افتتاح کی تقریب میں پاکستان کے سابق وزیرِ خارجہ محمد ظفر اللہ خاں۔ نوبل پرائز حاصل کرنے والے ڈاکٹر عبدالسلام کے علاوہ تین ہزار مسلمان شریک ہوئے۔ ان میں یورپین ممالک سے آنے والے بھی تھے۔

مسجد کا افتتاح سربراہِ جماعت جناب مرزا طاہر احمد صاحب نے کیا۔ حاضرین میں قرطبہ کے مسیحی فرقہ کے نائب اسقف بھی تھے۔

یہ مسجد اُس قدیم اسلامی شاہراہ پر واقع ہے۔ جو قرطبہ کو جاتی تھی۔ مسجد دو خوبصورت میناروں والی ہے۔

افتتاحی تقریب کا آغاز بکروں کی قربانی اور اسلامی شعائر اذان سے ہوا۔ اِس مسجد کی تعمیر دوسری اور مساجد کی تعمیر کی ابتدا ہے۔

الاثنين ٤/١٠/١٩٨٢ — العرب — صفحة ٩ Page 9
Monday 4/10/1982 — AL-ARAB



افتتاح مسجد جديد بقرطبة

مدريد – العرب – طلعت شاهين :

تم هذا الاسبوع افتتاح مسجد جديد في الاندلس . فقد قامت الجماعة الاحمدية ببناء مسجد جديد بقرية « بدرو عباد » والتي تقع على بعد ٤٠ كيلومتراً من مدينة قرطبة وقد تكلف بناء هذا المسجد حوالي ثلاثين مليون بيزته وقد حضر الافتتاح محمد ظفر الله خان وزير خارجية باكستان السابق والدكتور عبد السلام الحائز على جائزة نوبل في الفيزياء وما يقرب من ثلاثة الاف من المسلمين الذين جاء بعضهم من دول اوروبية اخرى مثل انجلترا . وقد استقبلهم السيد طاهر احمد زعيم الطائفة الاحمدية ومن بين المدعوين نائب الاسقفية المسيحية بقرطبة القس « باليريانو دي لا اوردن » والمسجد مبني على الطريقة الاسلامية القرطبية القديمة وله مئذنتان جميلتان . وقد بدا الاحتفال بذبح خروف كضحية تقربا الله عز وجل وايذانا باقامة الشعائر الدينية الاسلامية في مسجد « البشارة » وبداية لجهاد طويل لبناء مساجد اخرى .


جاپان کے ایک اخبار میں

مسجد سپین کا تذکرہ

قرآن مجید کا ایک نسخہ بمعہ انگریزی ترجمہ اور اسلامی لٹریچر پر مشتمل دو کتب جاپان میں نیپال کے قائمقام سفیر مسٹر بدیا این گھیمری کو اسلامی جماعت احمدیہ کے مشنری انچارج مکرم عطاء المجیب صاحب راشد نے پیش کیں جو ایک تین رکنی وفد کے ہمراہ نیپال کے شاہی سفارت خانہ ٹوکیو میں تشریف لائے۔ جماعت کی عالمگیر سرگرمیوں کا ذکر کرتے ہوئے مکرم راشد صاحب نے بطور خاص اس نئی مسجد کا ذکر کیا جس کا افتتاح ۱۰ ستمبر کو قرطبہ کے قریب پیدرو آباد میں جماعت احمدیہ کے سربراہ کریں گے۔

PEOPLE & EVENTS

— Kanto —



A copy of the Holy Quran with English translation along with two other Islamic literature books, was presented to Bidya N. Ghimire, acting ambassador of Nepal by Ataul Mujeeb Rashed, missionary in charge of the Ahmadiyya Movement in Islam who led a three-man delegation to the Royal Nepalese Embassy in Tokyo.

Describing the world-wide activities of the movement, Rashed particularly mentioned about the new mosque which is to be inaugurated in Pedroabad near Cordoba, Spain on Sept. 10 by the supreme head of the movement.

Mainichi Daily News
Tuesday, August 31, 1982

16 Evening Post, Thursday, October 14, 1982

Why we must all speak English

By community relations correspondent FAREED AHMAD

ENGLISH must be the language used at all formal occasions by Ahmadiyya Muslims in this country.

Hazrat Mirza Tahir Ahmad, the Caliph who visited the Medway Towns recently to open the mosque in Gillingham, has directed that in future, the presence of ever one person who can understand only English will dictate that the proceedings be conducted in that language.

The Caliph warned that if his followers, especially the elderly, did not make the effort to learn or improve their English, they would become a closed community.

Dinner

Those settled here should retain their original language because of its literary heritage but, nevertheless, the language of their host country was of paramount importance, he said.

اس ملک میں رہنے والے تمام احمدی مسلمانوں کو اپنی رسمی تقاریب میں انگریزی زبان استعمال کرنی چاہیئے

حضرت مرزا طاہر احمد نے جنہوں نے جلنگھم میں مسجد کا افتتاح کرنے کے لیے مڈوے قصبات کا دورہ کیا، یہ ہدایت جاری کی ہے کہ مستقبل میں اگر کسی تقریب میں صرف ایک بھی ایسا شخص موجود ہو جو صرف انگریزی جانتا ہو تو تقریب کی تمام کارروائی انگریزی میں ہونی چاہیئے۔

خلیفہ نے تنبیہ کی کہ اگر احمدیوں خصوصاً بڑی عمر کے لوگوں نے انگریزی سیکھنے یا بہتر کرنے کی کوشش نہ کی تو وہ ایک ایسی جماعت بن کر رہ جائیں گے جو سب سے الگ تھلگ ہو گی۔

جو پاکستانی یہاں مستقل طور پر رہتے ہیں ان کو انگریزی کیساتھ ساتھ اپنی اصل زبان (اردو) بھی اسکے علمی ادبی سرمائے کی وجہ سے باقی رکھنی چاہیئے لیکن ان کے میزبان ملک کی زبان بہرحال سب سے زیادہ اہمیت کی حامل ہے۔

خلیفہ نے اس طرف بھی توجہ دلائی کہ جلنگھم کی مسجد ناصر اسلامی روایات کے مطابق دوسرے مذاہب کے لوگوں کے لیے بھی کھلی ہو گی جو یہاں آکر (خدائے واحد) کی عبادت کرنا چاہیں۔

(ایوننگ پوسٹ جمعرات ۱۴ اکتوبر ۱۹۸۲ء صفحہ ۱۶)

Digitized by Khilafat Library Rabwah

جاکرتہ۔ انڈونیشیا

روزنامہ فیکران رعیت


۱۳ ستمبر ۱۹۸۲ء

سات صدیوں بعد پہلی مسجد سپین جس کا افتتاح پیدرو آباد میں عمل میں آیا

Pikiran Rakyat

Yang Pertama Setelah Tujuh Abad

Mesjid „Basharat" Spanyol Diresmikan Di Petroabad



Bangunan mesjid "Basharat" mesjid Pertama di bumi Spanyol yang peresmian pembukaannya tgl 10 september 1982 lalu di Kota Petroabad, sekitar 36 km dan Cordoba Spanyol

JAKARTA, (PR).

"Basharat" mesjid pertama dibangun di Spanyol setelah tujuh abad Islam menghilang dari Spanyol 10 September 1982 lalu diresmikan pembukaannya oleh Imam Jemaat Ahmadiyah Hazrat Mirza Tahir Ahmad Khalifatul Masih, ke-IV.

Peristiwa gembira bagi dunia Islam di awal abad ke 15 H ini berlangsung di kota Petroabad sekira 36 km dari Cordoba, dibangun di atas tanah seluas enam ribu m2 dengan biaya 21 juta Pista atau sekitar Rp. 126 juta Peresmian mesjid yang bersejarah ini dihadiri undangan2 dari berbagai negara, al Amerika Serikat negara2 Amerika Latin, Afrika, beberapa negara Eropa sendiri serta Asia di antaranya Indonesia. Rombongan Indonesia sembilan orang diketahui oleh wakil Ketua Nasional Jemaat Ahmadiyah Indonesia Brigen Polri Purn R. Ahmad Suryahaminata.

Menurut Humas PB Jemaat Ahmadiyah Indonesia R.Djamhur Wiraatmadja kepada "PR" hari Minggu, peristiwa ini merupakan satu kebanggaan bukan saja bagi Jemaat Ahmadiyah yang telah mengumpulkan biaya sebanyak itu dari para anggotanya, tetapi bagi dunia Islam yang sudah tujuh ratus tahun kehilangan jejaknya di bumi Spanyol yang pernah merupakan Darul Khilafah Islam.

Dalam kaitan ini kepala Misi Jemaat Ahmadiyah Indonesia H. Mahmud Ahmad Cheema H.A. mengharapkan anggota Jemaat Ahmadiyah Indonesia melakukan syukuran dengan memotong kambing sedekah kepada fakir miskin dan membagikan kue kepada anak2 serta doa bersama untuk keberkatan mesjid2 supaya Allah s.w.t. menurunkan hujan Rahmat Nya kepada Spanyol khususnya dan bangsa Eropa pada umumnya agar dapat menemukan jalan kedekatan kepada Allah S.w.t.

سات صدیوں کے بعد پہلی مسجد سپین جس کا افتتاح پیدرو آباد میں عمل میں آیا۔

تصویر

سرزمین سپین کی پہلی مسجد "بشارت" کی عمارت جس کا افتتاح ۱۰ ستمبر ۱۹۸۲ء کو پیدرو آباد میں جو قرطبہ سے قریباً ۳۶ کیلومیٹر کے فاصلہ پر واقع ہے عمل میں آیا۔

جاکرتہ سپین سے سات صدیوں تک اسلام کا نام و نشان مٹائے جانے کے بعد

اس سرزمین پر پہلی مسجد "بشارت" تعمیر ہوئی جس کا امام جماعت احمدیہ حضرت مرزا طاہر احمد خلیفۃ المسیح الرابع نے ۱۰ ستمبر ۱۹۸۲ء کو افتتاح فرمایا۔

عالم اسلام کے لیے یہ مسرت افزا تقریب پندرھویں صدی کے آغاز میں پیدرو آباد میں جو قرطبہ سے ۳۶ کلومیٹر کے فاصلہ پر ہے منعقد ہوئی۔ یہ مسجد چھ ہزار مربع میٹر کے رقبہ پر تعمیر کی گئی ہے جس پر ۲۱ ملین پسیتہ یا ۱۲۶ ملین (انڈونیشین) روپے خرچ ہوئے۔ اس تاریخی مسجد کے افتتاح کے موقع پر لاطینی امریکہ، افریقہ، یورپ اور ایشیاء کے مختلف ممالک سے مدعوئین شامل ہوئے جن میں انڈونیشیا بھی تھا۔ انڈونیشیا کے نور کنی وفد کی قیادت جماعت احمدیہ انڈونیشیا کے نائب نیشنل پریذیڈنٹ بریگیڈیر جنرل پولیس جناب راڈین احمد سوریا آمینا تانے کی۔

جماعت احمدیہ انڈونیشیا کے رابطۂ عوام کے سیکرٹری راڈین جمہور وبر اتما جانے اتوار کے روز روزنامہ "فیکران رعیت" کو بتایا کہ سپین کی اس مسجد کی تعمیر جو جماعت احمدیہ کے چندہ سے ہوئی نہ صرف جماعت کے لیے بلکہ تمام عالم اسلام کے لیے باعث صد افتخار ہے۔ کیونکہ وہ سپین جو ایک وقت میں اسلام مرکز تھا اُس سے سات صدیوں تک اسلام کا نام و نشان مٹ چکا تھا۔

اس ضمن میں انڈونیشیا میں جماعت احمدیہ کے رئیس التبلیغ محمود احمد چیمہ نے جماعت احمدیہ کے ممبران کو تلقین کی کہ وہ اس موقع پر اظہار تشکر کے طور پر بکروں کی قربانی کریں یا فقراء و مساکین کو صدقہ دیں، بچوں میں مٹھائی تقسیم کریں اور مسجد کے بابرکت ہونے کے لیے اجتماعی دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ اہل سپین پر خصوصاً اہل یورپ پر عموماً اپنی رحمتوں کی بارش برسائے تاکہ اُنہیں قرب الٰہی حاصل ہو۔

فیکران رعیت ۱۴ ستمبر ۱۹۸۲ء

جاکرتہ۔ انڈونیشیا
۱۳ ستمبر ۱۹۸۲ء
روزنامہ بریتا بوآنا

جماعت احمدیہ انڈونیشیا نے

سپین میں مسجد تعمیر کی

"BERITA BUANA"

JAKARTA, SENIN Pahing 13 SEPTEMBER 1981


Jemaat Ahmadiyah Indonesia Membangun Mesjid di Spanyol

JAKARTA – Setelah 700 tahun Islam menghilang dari Spanyol. hari Jum'at Jemaat Ahmadiyah Indonesia membuat suatu kejutan dengan berhasilnya meresmikan pemakaian Mesjid Basharat yang baru selesai dibangun dengan biaya 21 juta pista atau Rp 120 juta.

Peristiwa gembira bagi Dunia Islam diawal Abad ke-15 Hijrah itu berlangsung di Spanyol dalam Kota Petro abad 35 Km dari Cordoba yang Presmiannya tersebut dilakukan Jum'at 10 September '82 itu oleh Imam Jemaat Ahmadiyah, Hasrat Mirza Tahir Ahmad Khalifatul Masih ke IV.

Mesjid Basharat itu dibangun diatas tanah seluas 6.000 M2 peresmian dihadiri oleh berbagai undangan masing-masing, Amerika Latin, Afrika, Eropa sendiri dan Negara-negara Asia termasuk Indonesia. Rombongan Indonesia 9 orang dibawah pimpinan Wakil Ketua. Nasional Jemaat Ahmadiyah Indonesia Brig. Jend. Pol. R. Ahmad Suryahaminata.

Humas PB. Jemaat Ahmadiyah Indonesia R. Djamhur Wiraatmadja dalam penjelasan kepada Buana Jum'at petang peristiwa itu merupakan kebanggaan Islam di dunia yang telah 700 tahun kehilangan jejaknya di bumi Spanyol yang pernah merupakan Darul Khilafah Islam, (Buana P.RR)



Mesjid "BASHARAT" Mesjid pertama di Spanyol dalam kota Petroabad 35 Km dari CORDOBA dibangun oleh Jemaat Ahmadiyah.

Demikian al. penjelasan R. Djamhur Wiraatmadja kepada "PR"

جاکرتہ سات سو سال تک سپین میں اسلام کا نام و نشان غائب رہنے کے بعد جماعت انڈونیشیا نے ایک حیرت انگیز کارنامہ سرانجام دیا۔ انہوں نے حال ہی میں وہاں ایک مسجد تعمیر کی ہے جس پر ۲۱ ملین پسیتہ

Digitized by Khilafat Library Rabwah

یا ۱۲ کروڑ انڈونیشین روپیہ خرچ آیا۔ اس مسجد کی تقریب افتتاح ۱۰ ستمبر ۱۹۸۲ء کو عمل میں آئی

عالم اسلام کے لیے یہ جانفزا واقعہ پندرھویں صدی کے آغاز میں ظہور پذیر ہوا جب جماعت احمدیہ نے پیدرو آباد میں جو قرطبہ سے ۳۵ کلو میٹر کے فاصلہ پر واقع ہے مسجد "بشارت" تعمیر کی جس کا افتتاح امام جماعت احمدیہ حضرت مرزا طاہر احمد خلیفۃ المسیح الرابع نے ۱۰ ستمبر ۱۹۸۲ء بروز جمعہ فرمایا۔

مسجد "بشارت" ... ۶ میٹر کے رقبہ میں بنائی گئی ہے اس افتتاحی تقریب میں لاطینی امریکہ، افریقہ، یورپ اور ایشیا کے ممالک بشمول انڈونیشیا کے وفود شامل تھے انڈونیشیا کے نورکنی وفد کی قیادت جماعت احمدیہ انڈونیشیا کے نائب نیشنل پریذیڈنٹ۔ رافعین احمد سوریا آمیناتا نے کی۔

جماعت احمدیہ کے رابطہ عوام کے سیکرٹری راؤبن جمہور ویرا آتما جانے "برتیا بوآنا" کو بتایا کہ سات سو سال تک اسپین سے اسلام کا نام و نشان مٹے رہنے کے بعد اس مسجد کا تعمیر ہونا نہ صرف جماعت احمدیہ کے لیے بلکہ تمام عالم اسلام کے لیے ایک قابل فخر واقعہ ہے۔

تصویر

اسپین میں پہلی مسجد "بشارت" جو قرطبہ سے ۳۵ کلو میٹر دور پیدرو آباد میں جماعت احمدیہ نے تعمیر کی۔

(روزنامہ بریتا بوآنا ۱۳ ستمبر ۱۹۸۲ء)

بقیہ :- روزنامہ "کارڈوبا" قرطبہ صد ۲۲ سے آگے

El jalifa supremo ahmadí inauguró la mezquita de Pedro Abad

lación el Corán con la labor investigadora que caracteriza a los científicos.

Por su parte en su discurso el jalifa supremo que en todo momento tuvo palabras de agradecimiento por la cariñosa acogida de que había sido objeto, tanto él como la comunidad en tierras cordobesas, dejó un mensaje de paz y solidaridad, justicia, igualdad, hermandad y amor entre los seres humanos, invocando para ello la ayuda de Dios. También agradeció su labor a todos los que han trabajado en la proyección y construcción de la mezquita así como a las autoridades españolas «que pese a las diferencias religiosas existentes nos han ayudado para la consecución del permiso para la compra del solar y la edificación. Con ello han abierto una puerta de tolerancia, de mutuo respeto y de ayuda recíproca entre diferentes religiones. Allah les bendiga a todos». Tras un recuerdo emotivo a su fallecido antecesor, el jalifa ahmadí dijo: «En el mundo existen ciertas naciones que pueden ser conquistadas por la fuerza pero España no es de tales naciones. Observando su historia veo que a este pueblo no se le puede conquistar con ninguna otra arma, esfuerzo o recurso que no sea el amor».

PRESENCIA CATOLICA

En la inauguración estuvo presente el vicario general de la Diócesis, Valeriano Orden por delegación del obispo. A todo lo largo de la misma se pusieron de manifiesto diversas medidas de seguridad, desplegando una gran labor la Guardia Civil tanto en este aspecto como canalizando y ordenando el tráfico en la zona. Pedro Abad por otra parte agotó ayer sus disponibilidades alimentarias ante la avalancha de visitantes que contribuyeron también a que se batiera el récord de cambio de divisas en las entidades de crédito de la localidad.

جوز لوئیس لوپے "مشرقی اور فارسی طرز کے امتزاج سے تعمیر ہونیوالی مسجد"

یہ بات بیان کرنے کی ضرورت نہیں کہ آرکی ٹیکٹ جوز لوئیس لوپے مسجد کے افتتاح کے وقت کتنے خوش تھے۔ اس مسجد کا رقبہ ۶۳۳۲ مربع میٹر ہے جس میں مسقف ۶۲۳ مربع میٹر ہے۔ اس میں مسجد لائبریری، وضو کرنے کی جگہ، دفتر، گیسٹ ہاؤس اور خلیفہ کے لئے ایک کمرہ شامل ہے۔ اس میں مشنری کی رہائش کے لئے ایک گھر بھی ہے۔ اس کے انداز تعمیر کی بنیاد مشرقی طریق پر ہے اور اس کے بنیادی عناصر میں فارسی طرز کی محرابیں شامل ہیں۔

پیدرو آباد کے میئر: یہ قصبے کے لئے نفع رساں ہے"

قصبے کے میئر کے نزدیک اس مسجد کی تعمیر بلاشبہ بڑے فائدہ کا موجب بنی ہے۔ اور اگرچہ بعض ایسے بھی لوگ ہیں جن میں خود اعتمادی نہیں ہے، تاہم اس جماعت کے اراکین کا استقبال بڑی اچھی طرح سے کیا گیا ہے۔ "میئر نے اس حقیقت کا اظہار کیا کہ اگرچہ یہ ایسے لوگ نہیں ہیں جن کے پاس بہت رقم ہو لیکن بہرحال یہ اس قصبے پر خرچ کر رہے ہیں"

Todos parecen contentos con la nueva mezquita

Valeriano Orden: «Contribuirá a un mayor acercamiento entre las dos religiones»

Para el alcalde de Pedro Abad los ahmadíes están siendo bien aceptados

(De nuestra Redacción).

Sobre el acto de la inauguración de la Mezquita, hemos querido recabar una breve impresión de tres personas bien distintas: el vicario general de la Diócesis de Córdoba, el arquitecto que elaboró el proyecto y el alcalde de Pedro Abad, todos presentes en el acto.

VALERIANO ORDEN: MAYOR ACERCAMIENTO ENTRE LAS RELIGIONES

Para Valeriano Orden Palomino, representante del Obispado cordobés en la celebración, la construcción de la Mezquita supone un mayor acercamiento entre las dos religiones, cosa que la Iglesia Católica viene haciendo principalmente, desde el Concilio Vaticano II. "Siempre es importante potenciar las relaciones sobre todo si éstas están basadas en un profundo respeto", nos dijo. Y concluyó: "Me encuentro muy a gusto asistiendo a la ceremonia".

JOSE LUIS DE LOPE: UNA MEZQUITA DE RAIZ INDO-PERSA

Ni que decir tiene que el arquitecto José Luis de Lope se encontraba feliz con la inauguración. La Mezquita soore una superficie de 6.332 metros cuadrados, de los que 623 se han utilizado para la edificación arquitectónica. La misma está compuesta por la sala de la mezquita, biblioteca, cuarto de abluciones, oficinas, dependencias para huéspedes y suite para el jalifa. Además también disoone de casa para el misionero. Tiene una raiz india y hay que destacar como elemento fundamental el arco aquillado de origen persa.

ALCALDE DE PEDRO ABAD: UN BENEFICIO PARA EL PUEBLO

Para el alcalde de Pedro Abad la ubicación de la Mezquita ha beneficiado sin duda al pueblo, "y aunque todavía hay gente que tiene recelos, los miembros de la comunidad en general están siendo bien aceptados". Reconoce que no es gente que tenga mucho dinero pero algo de gasto si están haciendo en el pueblo.

Pérdida

Extraviado sobre conteniendo dinero en el trayecto comprendido entre Guadalquivir y Carlos III. En el anverso figura el nombre de Luque Jiménez Se ruega su devolución

دوسری کونسل کی پالیسی کے مطابق "یہ باتیں ہمیشہ تعلقات کو مضبوط کرتی ہیں خصوصاً اس وقت جبکہ یہ میل جول باہمی احترام کی بنیادوں پر قائم ہوں" انہوں نے آخر میں کہا "اس تقریب میں شرکت کر کے مجھے خوشی حاصل ہوئی ہے"

ہندوستان

امام جماعت احمدیہ کیجانب سے اسپین میں ۵۰۰ سال کے بعد پہلی مسجد، مسجد بشارت کا افتتاح

روزنامہ "سلامتی" گلبرگہ۔ کرناٹک

"گلبرگہ ۹ ستمبر (راست)، جماعت احمدیہ گلبرگہ کی جانب سے مجریہ ایک صحافتی بیان میں بتایا گیا ہے کہ ۱۰ ستمبر ۱۹۸۲ء کو بروز جمعہ جماعت احمدیہ کے موجودہ امام حضرت مرزا طاہر احمد صاحب جماعت احمدیہ کی جانب سے سرزمین اسپین بمقام پیدرو آباد میں ۵۰۰، سال بعد تعمیر ہونیوالی پہلی نئی مسجد کا افتتاح فرمائیں گے۔

اس مسجد کا سنگ بنیاد جماعت احمدیہ کے تیسرے خلیفہ حضرت مرزا ناصر احمد صاحب نے ۹ اکتوبر ۱۹۸۰ء کو پیدرو آباد اسپین میں رکھا تھا۔ موجودہ امام ۱۰ ستمبر ۱۹۸۲ء کو مسجد ہذا کا افتتاح فرمائیں گے۔ اس مسجد کا نام "مسجد بشارت" رکھا گیا ہے۔ اس افتتاحی تقریب میں دنیا کے مختلف مقامات سے جماعت احمدیہ کے نمائندگان بڑی تعداد میں شرکت فرما رہے ہیں۔ جن میں نوبل انعام یافتہ سائنسدان پروفیسر ڈاکٹر عبدالسلام اور عالمی عدالت کے سابق جج سر محمد ظفر اللہ خان بھی ہیں۔

ہندوستان کے ہیڈ کوارٹر قادیان سے بھی محترم مرزا وسیم احمد صاحب ناظر اعلیٰ بھی شرکت کے لئے ۳ ستمبر کو سپین روانہ ہو گئے ہیں۔ جماعت احمدیہ گلبرگہ عالم اسلام سے درخواست کرتی ہے کہ مسجد بشارت کی کامیابی اور اسپین میں اسلام کے غلبہ کے لئے دعا کریں۔"

(روزنامہ "سلامتی"، گلبرگہ کرناٹک ۱۰ ستمبر ۱۹۸۲ء)

Digitized by Khilafat Library Rabwah

ایک مسلمان امام غرناطہ میں

غرناطہ - سپین

روزنامہ

DIARIO DE GRANADA

۷ ستمبر ۱۹۸۲ء



JOSE GARRIDO

Jefe musulmán en Granada

Hazrat Mirza Tahir Ahmad, jefe religioso de la comunidad Ahmadía, llegó ayer a Granada, en visita privada y partirá esta noche hacia Córdoba, donde inaugurará el próximo viernes la Mezquita Basharat, de Pedro Abad, a unos treinta y dos kilómetros de la ciudad cordobesa.

Acompañado del tercer Imán de la comunidad, Karam Ilahi Zafar, el jefe supremo espiritual de esta comunidad mantuvo una entrevista con los periodistas, en el transcurso de la cual manifestó que "la inauguración de la Mezquita significa para nosotros un sentimiento de satisfacción y alegría porque ello expresa que el pueblo español ha abierto las puertas al Islam."

صفحہ اوّل کی خبر

حضرت مرزا طاہر احمد صاحب جو جماعت احمدیہ کے امام ہیں کل غرناطہ میں تشریف لائے۔ ان کی یہ آمد غیر سرکاری طور پر ہے۔ آپ آج رات قرطبہ کے لئے روانہ ہو جائیں گے۔ جہاں وہ پیدروآباد میں آئندہ جمعہ کو مسجد بشارت کا افتتاح فرمائیں گے پیدروآباد قرطبہ سے ۳۲ کلومیٹر کے فاصلہ پر واقع ہے۔ آپ کے ساتھ مقامی امام کرم الٰہی صاحب ظفر بھی تھے۔ یہاں آپ کا ایک پریس انٹرویو بھی ہوا جس کے دوران آپ نے اس بات کا اظہار فرمایا کہ مسجد کا افتتاح ہماری خوشی اور جذبات میں اضافہ کرتا ہے۔ اور ہمارے اطمینان کا موجب ہے کیونکہ اس طرح سے سپینش قوم نے اسلام کے لئے اپنے دروازے کھول دیئے ہیں۔

DIARIO DE GRANADA (ترجمہ)
۷ ستمبر ۱۹۸۲ء

غرناطہ ..... سپین

روزنامہ آئیڈیل غرناطہ صفحہ ۳ مورخہ ۸ ستمبر ۱۹۸۲ء

امام جماعت احمدیہ نے الحمرا اور جنت اللطیف کی سیر کی

آئندہ جمعہ کو پیدروآباد قرطبہ میں "مسجد بشارت" کا افتتاح فرمائیں گے

IDEAL · Pág. 13 — 8 - 9 - 82

El jefe supremo de «Ahmadía» visitó la Alhambra y el Generalife

El próximo viernes inaugurará la mezquita «Basharat» construida en Pedro Abad (Córdoba)



FOTO MIGUEL SANGÜESA

El Jefe Supremo de la Comunidad Ahmadía, Hazrat Mirza, junto al delegado en España, Karam Ilahi, firmando en el libro de autoridades de la Alhambra

El jefe supremo de la Comunidad Ahmadía, Hazrat Mirza Tahir Ahmad, dedicó la mañana de ayer a visitar la Alhambra y el Generalife, en compañía de su esposa y de todos los miembros de la comunidad que se encuentran con él en Granada.

Durante la visita, que comenzó a las diez de la mañana y se prolongó hasta el medio día, el jefe supremo de Ahmadía [illegible]

Como informábamos ayer, el jefe supremo de la Comunidad Ahmadía presidirá el próximo viernes la inauguración de la mezquita "Basharat" que esta secta religiosa ha construido en Pedro Abad (Córdoba), a cuyo acto asistirán seguidores y autoridades de todo el mundo.

Amina NASSER

جماعت احمدیہ کے سربراہ حضرت مرزا طاہر احمد صاحب نے کل صبح کے وقت اپنی اہلیہ اور دیگر ممبران وفد کے ہمراہ الحمرا اور جنت اللطیف کی سیر کی۔ صبح دس بجے سے لے کر دوپہر تک آپ وہاں ٹھہرے۔ الحمرا کے ڈائریکٹر نے آپ سے ملاقات کا شرف حاصل کیا۔ اور جب آپ چارلس پنجم کے محل میں سے گزرے تو حکام نے آپ کی خدمت میں وہ اعزازی کتاب پیش کی۔ جس میں اہم شخصیات کے دستخط لئے جاتے ہیں چنانچہ آپ نے اس میں دستخط فرمائے اور اس موقعہ پر آپ نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے فرمایا:

"میرے لئے یہ ایک خوشی کا دن بھی ہے اور غمی کا دن بھی۔ خوشی اس لئے کہ میں اس شاندار فنی تعمیر کو مشاہدہ کر رہا ہوں اور غم ان تحریروں کی وجہ سے جو الحمرا پر لکھی ہوئی ہیں اور یہیں ایک پیغام دے رہی ہیں"۔

آخر میں آپ نے دستخط فرماتے ہوئے اعزازی کتاب میں یہ فقرہ تحریر فرمایا:

"تمام فتوحات ختم ہو جاتی ہیں اور کھنڈر بن جاتی ہیں۔ لیکن صرف خدا تعالیٰ ہمیشہ ہمیش رہنے والا ہے"

اس سیر کے بارہ میں آپ کے تاثرات پوچھے گئے تو آپ نے اپنے جذبات کا اظہار یوں فرمایا کہ "یہ جگہیں صدیوں تک اسلامی ثقافت کا گہوارہ رہی ہیں اور یہ عمارتیں ان کے حسن کو اب تک بیان کر رہی ہیں"

تمام سیر کے دوران حضرت مرزا صاحب نے اس گائڈ کی تمام باتوں کو غور سے سنا جو ان کے ہمراہ تھا اور کسی معمولی سی تفصیل کو بھی نظر انداز نہیں کیا۔ جیسا کہ ہم نے کل کے اخبار میں بھی بیان کیا تھا کہ آپ آئندہ جمعہ کو مسجد بشارت، جو اس مذہبی جماعت کی تعمیر شدہ مسجد ہے کا پیدروآباد قرطبہ میں افتتاح فرمائیں گے۔ جس میں آپ کے پیروکار اور دیگر اہم شخصیات و حکام تمام دنیا سے تشریف لا کر شریک ہوں گے۔"

(امینہ ناصر)

(روزنامہ آئیڈیل غرناطہ ۸ ستمبر ۱۹۸۲ء)

Digitized by Khilafat Library Rabwah

(غرناطہ ۔ سپین)

روزنامہ غرناطہ DIARIO DE GRANADA ۷ ستمبر ۱۹۸۲ء

مسلم مذہبی لیڈر پیدرو آباد قرطبہ میں مسجد کا افتتاح کریں گے

حضرت مرزا طاہر نے غرناطہ اور اندلس کے دوسرے اضلاع کا دورہ فرمایا

Jefe religioso árabe inaugurará la mezquita cordobesa de Pedro Abad

Hazrat Mirza Tahir visita Granada y otras provincias andaluzas



El líder árabe es saludado por su correligionarios en el aeropuerto de Málaga

Málaga.- El jefe supremo de la comunidad religiosa de Ahmadia, Hazart Mirza Tahir Ahmad llegó ayer á Málaga procedente de Madrid para efectuar una gira por varias ciudades andaluzas antes de inaugurar el próximo día 10 en la localidad cordobesa de Pedro Abad la recién construida mezquita Basharàt.

El considerado por la comunidad Ahmadia como el cuarto sucesor del Mesías prometido llegó a Málaga acompañado por los miembros de su séquito y fue recibido por mandatarios y miembros de su comunidad en España.

En la citada reunión con los informadores Hazrat Mirza Tahir Ahmad afirmó que la comunidad cuenta en estos momentos con casi diez millones de fieles entre los que los pakistanies son la mayoría.

Sobre la mezquita construida en Córdoba dijo que su costo ha sido de unos 25 millones de pesetas, obtenidos mediante aportaciones de los miembros de la comunidad en particular por los residentes en Gran Bretaña.

اندلس ریجن کی خبروں کے صفحہ پر ملاگا ائرپورٹ پر حضور کے استقبال کی تصویر شائع کی اور مندرجہ ذیل خبر شائع کی۔

ملاگا۔ جماعت احمدیہ کے سربراہ حضرت مرزا طاہر احمد کل ملاگا پہنچ گئے۔ آپ دس تاریخ کو قرطبہ کے مضافات میں پیدرو آباد کے مقام پر مسجد بشارت کا افتتاح فرمانے سے قبل اندلس کے بہت سے شہروں کا دورہ کریں گے۔

جماعت احمدیہ کے نقطہ نگاہ سے آپ مسیح موعود کے جانشین ہیں۔ آپ ملاگا میں اپنے ساتھیوں کے ہمراہ تشریف لائے ہیں۔ یہاں کی مقامی جماعتوں کے ارا کین نے آپ کا استقبال کیا۔

آپ نے ایک ملاقات کے دوران فرمایا کہ جماعت احمدیہ کے ممبران کی تعداد ایک کروڑ سے زائد ہے۔ جس میں سے ایک بڑی تعداد پاکستان میں رہتی ہے۔ آپ نے قرطبہ کے مضافات میں تعمیر شدہ مسجد بشارت کے بارہ میں فرمایا۔ "اس پر قریباً ۲۵ ملین پسیتہ خرچ آیا ہے۔ جو کہ جماعت احمدیہ کے ممبران خاص طور پر برطانیہ کے ممبران نے مہیا کیا ہے۔"

(روزنامہ DIARIO DE GRANADA ۷ ستمبر ۱۹۸۲ء)

GRANADA

IDEAL - Pág. 16 — 7 - 9 - 82

JEFE SUPREMO DE LA COMUNIDAD AHMADIA

Ayer llegó a Granada Hazrat Mirza Tahir Ahmad

El próximo viernes asistirá a la inauguración de la mezquita que su comunidad ha construido en Pedro Abad (Córdoba)




FOTO GRANADA

Hazrat Mirza afirmó que su comunidad no pretende instalarse ni expansionarse por Andalucía

A las nueve y media de la noche pasada llegó a Granada, rodeado de grandes medidas de seguridad, Hazrat Mirza Tahir Ahmad, actual jefe supremo de la Comunidad Ahhmadia.

En el Hotel Alhambra Palace, concedió una rueda de Prensa en la que explicó los objetivos de su visita a España y de la comunidad religiosa que preside.

A su llegada al hotel, acompañado por un amplio séquito, en el que destacaban numerosas mujeres completamente vestidas de negro, fue acompañado por miembros de los servicios de Seguridad Ciudadana, hacia sus habitaciones, donde recibió a los periodistas.

El motivo central de su visita es la inauguración, el próximo día diez, de la mezquita Basharat que la comunidad ha construido en Pedro Abad (Córdoba), por un importe aproximado de unos veinte millones de pesetas que, en su mayor parte, han sido aportados por los miembros de la comunidad de Londres.

Con respecto a los ingresos económicos de su comunidad, Hazrat Mirza explicó que todos sus miembros tienen la obligación de donar la dieciseisava parte de sus ingresos, además del diez por ciento de todas sus posesiones, al morir.

Con respecto a las autoridades españolas dijo que se han portado con ellos correctamente en todo momento, excepto el embajador de España en Pakistán, que denegó los visados para que se trasladasen al acto del proximo viernes, a unos mil pakistanies.

Asimismo afirmó que el motivo de haber construido esta mezquita en Córdoba no es otro que el haber encontrado en esta zona de Andalucía hospitalidad y mentalidades abiertas, además de ser una tierra en la que el Islam estuvo instalado durante ocho siglos. Más adelante dijo que su comunidad no pretendia instalarse ni expansionarse por Andalucía y prueba de ello es que ya, anteriormente, se habian construido mesquitas por muchas otras ciudades del mundo, ya que su "movimiento" es de carácter universal.

A la inauguración de la mesquita de Pedro Abad, en Córdoba, está prevista la asistencia de numerosos "fieles" que llegan de todos los rincones del mundo y entre los que se encuentran autoridades del mundo de la política, la cultura y la ciencia.

Preguntado sobre si esta inauguración tenia algo que ver, por lo que respecta al momento elegido, con la próxima visita del Papa, respondió que "era totalmente casual, pues la primera piedra fue puesta hace dos años y el ritmo de las obras ha permitido que este templo pueda abrir sus puertas ahora". Más adelante añadió que la Comunidad pretende mantener lazos de buenas relaciones con la comunidad cristiana y con el resto de las religiones, y que estas relaciones deben tender hacia la amistad y la unión de todos los hombres.

"Después de una larga noche de prohibiciones —dijo—, se contempla la aurora de la libertad de conciencia y religión en España. El actual Gobierno permite la libre expresión de conciencia religiosa. Este amanecer de libertad y democracia que ha traido un mensaje de alegria y júbilo al pueblo español, ha supuesto a su vez un respiro de libertad para las actividades de la Comunidad en España, tanto tiempo encadenadas".

Con respecto a la finalidad de esta comunidad, Hazrat Mirza explicó que "el objetivo de su fundación es conseguir un grupo de hombres bondadosos que sean modelo de rectitud y de virtudes, para que un cuantioso número de estas personas virtuosas ejerzan su influencia sobre la humanidad con sus vidas ejemplares de altas cualidades morales y espirituales y su solidaridad sea motivo de gran bendición, grandeza y consecuencias positivas para el Islam".

El actual Jefe Supremo Espiritual, Hazrat Mirza Tahir Ahmad, IV sucesor del "Mesías Prometido", fue elegido por la Comunidad el día 10 de junio de 1982 tras el fallecimiento de su antecesor, Hazrat Mirza Ahmad, quien vino a España para colocar la primera piedra de la Mezquita Basharat en octubre de 1980.

Antonio HASCHE

(غرناطہ ۔ سپین)

روزنامہ آئیڈیل ۷ ستمبر ۱۹۸۲ء

جماعت کے سربراہ حضرت مرزا طاہر احمد کل غرناطہ پہنچے

آئندہ جمعہ کو پیدرو آباد غرناطہ میں اس جماعت کی تعمیر ہونیوالی مسجد کا افتتاح کریں گے

اخبار "IDEAL" (صفحہ ۱۶) غرناطہ اپنی ۷ ستمبر ۱۹۸۲ء کی اشاعت میں رقمطراز ہے۔

گزشتہ رات ساڑھے نو بجے حضرت مرزا طاہر احمد صاحب، حفاظتی انتظامات میں گھرے ہوئے تشریف لائے۔ آپ جماعت احمدیہ کے موجودہ سربراہ ہیں۔ ہوٹل الحمرا پیلس میں آپ نے ایک پریس کانفرنس بلائی جس میں آپ نے اپنی سپین میں آمد اور مذہبی جماعت احمدیہ کے متعلق معلومات فراہم کیں۔

آپ ہوٹل میں پہنچے۔ آپ کے ساتھ ایک بڑا گروپ (قافلہ) تھا جس میں مستورات بھی تھیں جو باپردہ تھیں۔ ان کے ہمراہ اس شہر کے سیکورٹی کے منتظمین بھی تھے جو آپ کے اس کمرے تک پھیلے ہوئے تھے۔ جہاں پر کہ آپ نے پریس کانفرنس بلائی ہوئی تھی۔ آپ کی آمد کی سب سے بڑی وجہ تو ۱۰ تاریخ کو مسجد بشارت کا افتتاح ہے جو کہ جماعت احمدیہ نے پیدرو آباد قرطبہ میں تعمیر کی ہے۔ جس پر تقریباً ۲۰ ملین پسیتہ

Digitized by Khilafat Library Rabwah

خرچ آئے ہیں جو کہ لنڈن کی جماعت (احمدیہ) نے مہیا کئے ہیں۔ معاشی اخراجات کے متعلق (حضرت مرزا طاہر احمد صاحب نے) بتایا کہ جماعت کے تمام ممبر اپنی آمد کا سولہواں اور کچھ دسواں حصہ چندہ دیتے ہیں۔

ہسپانوی حکام کے بارہ میں آپ نے بتایا کہ انہوں نے ہر طرح سے ہمارا خیال رکھا ہے سوائے پاکستان میں سپین کے سفیر کے جنہوں اس افتتاحی تقریب میں شامل ہونے والے ایک ہزار پاکستانی احمدیوں کو ویزا مہیا نہیں کیا۔ قرطبہ میں مسجد بنانے کی وجہ اس کے علاوہ اور کوئی نہیں کہ اندلس کے لوگ مہمان نواز اور کھلی طبیعت کے مالک ہیں اور وہاں پر مسلمان صدیوں تک رہے ہیں۔ جماعت احمدیہ خاص طور پر اندلس میں ہی نفوذ اور INSTALMENT نہیں کر رہی بلکہ ہماری مسجدیں دنیا کے تمام ممالک میں بنی ہوئی ہیں اور ہماری تحریک عالمی تحریک ہے۔

پیدرو آباد قرطبہ میں تعمیر ہونے والی مسجد کے افتتاح میں شریک ہونے کے لئے دنیا کے کونے کونے سے احمدی احباب، نیز مذہب، سیاست اور سائنس کی اعلیٰ شخصیات سپین میں آ رہی ہیں۔

سوال کیا گیا کہ پوپ کے گزشتہ دورے کے ساتھ اس مسجد کا کوئی تعلق ہے،

آپ نے جواب دیا کہ

"افتتاح کی تقریب اپنی ذات میں منفرد... حیثیت کی حامل ہے اس مسجد کا سنگ بنیاد دو سال قبل رکھا گیا تھا اس کی تعمیر کا کام کچھ اس انداز سے ہوتا رہا کہ اب جا کر ہم اس کا افتتاح کرنے کے قابل ہوئے ہیں"۔

نیز آپ نے یہ بات بھی بیان کی کہ:۔

"یہ جماعت دیگر مذہبی جماعتوں مثلاً عیسائیت وغیرہ کے ساتھ حسن سلوک کا تعلق رکھتی ہے۔ اور ہمارے تعلقات کی بنیاد باہمی دوستی اور مشترک مقصد کے لئے تمام انسانوں کے متحد ہو جانے پر ہے۔ ایک لمبی امتناعی رات کے بعد"

آپ نے فرمایا۔

"سپین میں مذہب اور رکاوٹ کی آزادی کی فجر طلوع ہوئی ہے۔ موجودہ حکومت مذہب اور ضمیر کی آزادی کی علمبردار ہے۔ مذہب اور جمہوریت کی آزادی کی یہ صبح خوشی اور مسرت کا پیغام سپینش قوم کے لئے لائی ہے۔ جماعت احمدیہ تو سپین میں ایک لمبے عرصہ تک جکڑے ہوئے رہنے کے بعد اب آزادی کا سانس لیا ہے۔"

حضرت مرزا طاہر احمد صاحب نے اس جماعت کے مقاصد کے بارہ میں بیان فرمایا کہ:۔

"اس جماعت کو قائم کرنے کی بنیادی وجہ یہ ہے کہ ایسے افراد پیدا کئے جائیں جو جملہ اخلاق فاضلہ کے مالک ہوں اور ایک بہت بڑی تعداد اس کے ممبروں کی ایسی ہے جو متقی ہے اور نیکیوں کے بجالانے میں دوسروں کے لئے ایک نمونہ ہیں اور انسانیت کی خدمت کے لئے کوشاں رہتے ہیں۔ اخلاقی، روحانی لحاظ سے بلند مقام پر فائز ہیں اور ان کی یہ مضبوط ایمان ان کے لئے بہت برکتوں کا موجب ہے اور یہ اسلام کا ایک مثبت پہلو ہے۔"

موجودہ امام جماعت احمدیہ حضرت مرزا طاہر احمد، مسیح موعود کے چوتھے جانشین ہیں جو دس جون ۱۹۸۲ء کو حضرت مرزا احمد (ناصر احمد صاحب) کی وفات پر خلیفہ منتخب ہوئے۔ حضرت مرزا ناصر احمد صاحب اکتوبر ۱۹۸۰ء کو مسجد بشارت کا سنگ بنیاد رکھنے کے لئے تشریف لائے تھے۔"

رپورٹ: AMINA NASSER

Arabia
The Islamic World Review

سلو - انگلستان

ماہنامہ عربیہ

دی اسلامک ورلڈ ریویو

نومبر ۱۹۸۲ء

MOSQUE IN SPAIN

The first mosque to be built in Spain since 1492 when Granada, the last Muslim stronghold, fell to Ferdinand and Isabella, was inaugurated in September at Pedro Abad, a village 33km from Cordoba.

The mosque, which was built at the initiative of the Ahmadiyya sect, was financed by members of the community in the UK. It is built in a traditional, North African style. The roof is surmounted by two minarets and a small cupola.

The foundation stone was laid in October 1980 and the mosque was opened on September 10 this year. The cost is estimated at 25 million Spanish pesetas (about $217,000). Some 2,000 guests, including members of the Ahmadiyya from Indonesia, Africa, Pakistan and the UK - and the Bishop of Cordoba - were at the ceremony. The leader of the Ahmadiyya community, Hazart Mirza Tahir Ahmad, was due to follow the inauguration with a series of visits to other communities in Europe and North Africa.

The new mosque, Basharat, will be open to all, but especially to "the people of the Book," that is, Muslims, Christians and Jews, according to Ahmadiyya practice.

سپین میں مسجد

۱۴۹۲ء میں سپین کی آخری مسلم حکومت کے غرناطہ کے فرڈی ننڈ اور ازابیلا کے ہاتھوں شکست کھانے کے بعد سپین میں پہلی مسجد کا افتتاح ستمبر میں پیدرو آباد کے مقام پر عمل میں آیا جو قرطبہ سے ۳۳ کلومیٹر دور واقع ہے۔

یہ مسجد جماعت احمدیہ نے تعمیر کی ہے۔ اور اس کے لئے رقم اس جماعت کے برطانیہ کے افراد نے مہیا کی ہے یہ روایتی شمالی افریقن طرز میں تعمیر کی گئی ہے چھت پر دو مینار اور ایک چھوٹا سا CUPOLA بنا ہوا ہے

اس کا سنگ بنیاد اکتوبر ۱۹۸۰ء میں رکھا گیا اور اس کا افتتاح اس سال دس ستمبر کو ہوا اس کی لاگت کا تخمینہ ۲۵ ملین سپینش پیسیٹہ (قریباً ۲۱۷۰۰۰ ڈالر) ہے قریباً دو ہزار مہمان جن میں انڈونیشیا، افریقہ، پاکستان اور یو کے سے آنے والے افراد اور قرطبہ کے بشپ شامل تھے تقریب میں شامل ہوئے۔ جماعتِ احمدیہ کے سربراہ حضرت مرزا طاہر احمد نے افتتاح کے بعد یورپ اور دیگر ممالک کا دورہ کیا یہ نئی مسجد بشارت سب کے لئے کھلی ہوگی لیکن خصوصاً اہلِ کتاب یعنی مسلمانوں، عیسائیوں اور یہودیوں کے لئے یہ جماعت احمدیہ کا طریق کار ہے

"قومی آواز" بمبئی
۱۱ ستمبر ۱۹۸۲ء

اس سپین میں مسجد کا افتتاح

• جماعت احمدیہ کے امام حضرت مرزا طاہر احمد آج ۱۰ ستمبر کو پیدرو آباد اسپین میں جماعت احمدیہ کے ذریعہ نو تعمیر شدہ مسجد کا افتتاح کریں گے۔ اس مسجد کا سنگِ بنیاد حضرت مرزا طاہر احمد نے ۱۹ اکتوبر ۱۹۸۰ء کو رکھا تھا۔ ۱۲۳۸ء میں مسلمانوں کی اسپین سے حکومت ختم ہونے کے تقریباً سات سو سال بعد وہاں تعمیر ہونے والی یہ پہلی مسجد ہے۔ یہ مسجد ۲۱ لاکھ روپے کی لاگت سے تعمیر ہوئی ہے۔ اس مسجد کا کل رقبہ چھ ہزار مربع میٹر ہے۔ مسجد کا ہال۔ لائبریری، گیسٹ ہاؤس اور رہائش کا حصہ پانچ سو مربع میٹر ہے۔ مسجد نہایت موزوں اور اونچی جگہ پر واقع ہے۔ جسکے چاروں طرف دور دور تک خوبصورت قدرتی مناظر اردگرد کے دیہات کی پہاڑی ٹیلوں پر آباد یاں خوشنما منظر پیش کرتی ہیں۔ اس مسجد کا نام "مسجد بشارت" رکھا گیا ہے۔ دنیا بھر سے احمدی وفود افتتاح کے موقعہ پر اسپین پہنچ رہے ہیں۔ ہندوستانی وفد کی قیادت جماعت احمدیہ کے امیر حضرت مرزا وسیم احمد صاحب فرما رہے ہیں۔" ("قومی آواز" بمبئی ۱۱ ستمبر ۱۹۸۲ء)

نوٹ:۔ اخبار نے اس خبر کے ساتھ دو کالم میں مسجد بشارت کی تصویر اور اس کے علاوہ حضور ایدہ اللہ کی تصویر بھی شائع کی

Digitized by Khilafat Library Rabwah

ہسپانیہ میں اسلام

افریقن سائنس دان خالد احمد ایم ایس سی (یو کے) کا یہ مقالہ گھانین ٹائمز کی اشاعت دو نومبر ۱۹۸۲ء میں شائع ہوا۔ مقالہ کا ترجمہ مکرم ملک زبیر احمد صاحب وکالت تبشیر نے کیا۔

سپین ۷۱۱ء میں بنوامیہ کے خلیفہ ولید بن عبدالملک کے زمانے میں مسلمان سپہ سالار طارق بن زیاد کے ہاتھوں فتح ہوا۔ جبرالٹر جہاں سے طارق گذرا عربی لفظ جبل الطارق (یعنی طارق کا پہاڑ) کی بگڑی ہوئی شکل ہے۔ ۷۱۳ء تک سارا سپین اسلامی حکومت کے زیر نگیں آگیا اور پھر آٹھ صدیوں تک مسلم سپین ازمنہ وسطی کے یورپ کی ذہنی ترقی کے دور میں ایک سنہرے باب کا اضافہ کرتا رہا۔ اور یورپ کی نشاۃ ثانیہ کا واحد محرک بنا۔

لسانیات۔ گرامر اور علم لغت کے میدان میں سپین کے عربوں نے کارہائے نمایاں انجام دیئے۔ عبرانی کی جدید گرامر عربی گرامر کی طرز پر لکھی گئی۔ نمایاں مصنفین، علماء، شعرا اور ادیب جنہوں نے سپین کا نام ادب کی دنیا میں ہمیشہ کے لئے روشن کر دیا ان میں سے چند درج ذیل ہیں:۔

ابن عبد ربی (۸۶۰ء تا ۹۴۰ء)

انہوں نے عربوں کی ادبی تاریخ کا انتخابی مجموعہ ترتیب دیا۔ العقد فرید (یعنی منفرد ہار)

ہسپانوی نژاد ابن حزم جنہوں نے عشقیہ نظموں کا انتخابی مجموعہ ترتیب دیا۔

طوق الحمامہ (فاختہ کا ہار) ابن الغالب اور ابن زیدون (۱۰۰۳ء تا ۱۰۷۱ء)

مسلم سپین کا عظیم ترین شاعر تصور کیا جاتا ہے۔

عربی ادب کی ان ترقیات کے باعث اس کو ازمنہ وسطی کے یورپی اور ہسپانوی ادب و شاعری کے لئے نمونہ بنایا گیا۔ موخر الذکر اس وقت روایت پسندی اور تنگ نظری کے باعث حسن رکھنے والے تخیل اور احساس سے محروم ہو چکے تھے۔ عربی نمونہ پر مندرجہ ذیل مشہور یورپی قصے کہانیاں اور apologue لکھے گئے۔

فرانسیسی میں LA FONTAINE کلیلہ و دمنہ کی مشہور اور دلکش کہانیوں سے براہ راست متاثر ہو کر لکھی گئی۔

سپین کے PICARESQUE (یعنی بیک وقت طنز و مزاح اور سنجیدہ اسلوب) ناول مقامات حریری سے ماخوذ ہیں۔

CERVANTES مشہور زمانہ ناول DON QUIXOTE بھی عربی سے ماخوذ بیان کی جاتی ہے۔

انگریزی میں ROBINSON CRUSOE ابن طفیل سے براہ راست متاثر ہو کر لکھی گئی ہے جس میں ایک لڑکا جہاز کے ڈوب جانے پر ایک غیر آباد جزیرے میں پناہ لیتا ہے۔

سپینش زبان میں بھی "ال" سے شروع ہونے والے الفاظ عربی الاصل ہیں۔ ALCALDE سپینش میں "میئر" کو کہتے ہیں۔ یہ عربی کا القاضی ہے۔ AZUCAR (آنڈوکر) عربی کے "السکر" سے بنا ہے۔ کئی مقامات کے نام بھی عربی الاصل ہیں مثلاً:۔

MONTE JABALCUZ "جبل" عربی میں پہاڑ کو کہتے ہیں۔

ALCUDIA عربی کا "الکودیہ" (پہاڑی) ہے۔

اسلامی سپین کی خدمات میں سب سے زیادہ مفید کتابی کاغذ کی صنعت تھی جس کی مدد سے کتابوں کی کثیر تعداد اور ہر جانب تعلیم و تدریس کا پھیلاؤ ممکن ہوا۔ صرف قرطبہ شہر میں ہی چار لاکھ کتب پر مشتمل ستر لائبریریاں تھیں۔ اس زمانے کی معلوم شدہ دنیا کے ہر کونے سے علم کے پیاسے قرطبہ یونیورسٹی کی طرف امڈے چلے آتے تھے۔ مشہور ولندیزی مستشرق DOZY کے الفاظ میں "اندلس میں تقریباً ہر شخص لکھ پڑھ سکتا تھا جب کہ اس زمانے کے یورپ میں علم کی صرف ابجد ہی تھی۔ اور اس پر بھی پادریوں کے ایک محدود طبقے کی اجارہ داری تھی۔"

جہاں تک سپین کی ظاہری ترقی کا سوال ہے، مسلمانوں نے عالی شان محل اور شاندار مساجد بنائیں۔ جو سونے کے کام اور عربی خطاطی کے چنیدہ اور خوبصورت نمونوں سے سجائے گئے تھے۔ مسلمانوں نے سڑکوں کو پختہ کیا اور ان پر بتیاں لگائیں۔ لندن اور پیرس کی سڑکوں کو یہ نعمت سات صدیوں کے بعد نصیب ہوئی۔ اسی طرح مسلمانوں نے مارکیٹیں اور ہسپتال بنائے۔ اور بازاروں میں حمام ایک ایسے زمانے میں بنائے جب سارے یورپ کی نظروں میں نہانا کفر کی علامت تھا۔ فن تعمیر کی ترقی میں مسلمانوں کی ذہانت کی معراج ALHAMBRA (عربی کا الحمرا) کی مشہور اور اعلیٰ تعمیری یادگار کی صورت میں نظر آتی ہے۔ جو آج بھی ساری دنیا سے آنے والے سیاحوں سے داد تحسین حاصل کر رہی ہے۔

زرعی میدان میں عربوں نے نہروں کا جال بچھا دیا۔ کاشتکاری میں پودوں کی متعدد اقسام کو متعارف کیا۔ مثلاً چاول، مالٹا، انار، ناشپاتی وغیرہ۔ اس کے علاوہ خوبصورت باغات بنائے جن میں وسیع شامیانوں، فواروں وغیرہ کا اہتمام کیا۔

مسلم سپین نے دنیا کو جو عظیم ترین تاریخی کردار عطا کئے ان میں سے تین انتہائی روشن دماغ ہیں۔ جن کا مقابلہ کسی بھی زمانے سے ہو سکتا ہے۔

ابن رشد (۱۱۲۶ء تا ۱۱۹۸ء)

یعنی مغرب کے AVERROES کو اسلام کے عظیم ترین فلاسفر کا لقب دیا جاتا ہے۔ ارسطو استاد تھا اور ابن رشد اس کی فلاسفی کا ترجمان تھا۔

محی الدین ابن عربی (۱۱۶۵ء تا ۱۲۴۰ء)

کو مغرب میں DOCTOR MAXIMUS (یعنی ہر علم پر حاوی) کے نام سے یاد کیا جاتا ہے اور عظیم ترین صوفی نظریات کا عالم سمجھا جاتا ہے۔ انہوں نے اسلام میں تصوف کے نئے نظریات متعارف کئے اور ان کو فروغ دیا۔ اس ضمن میں آپ کا خاص کام وحدت الوجود کا اصول ہے۔

سائنس کی تاریخ میں ابن خلدون (۱۳۳۲ء تا ۱۴۰۶ء) بابائے سائنس اور ہر زمانے کے لحاظ سے عظیم ترین مانا جاتا ہے۔ اپنے مشہور اور اعلیٰ "مقدمہ" میں ابن خلدون نے تاریخی ادوار کو سماجی اور ظاہری عوامل کی صورت میں اور اخلاقی و روحانی طاقتوں کے طور پر بیان کیا ہے۔ نیز آب و ہوا اور جغرافیہ بھی بیان کیا ہے۔ اس طرح اس نے "سوشیالوجی" کے علم کی بنیاد رکھی۔

صد افسوس! ثقافت و تہذیب، رواداری، روایتی اسلامی انصاف اور ہر ایک کے ساتھ حسن و سلوک کے وہ بیج جن کو بونے، پالنے اور ایک طاقتور درخت بنانے میں مسلمانوں کو آٹھ صدیوں کا عرصہ لگا۔ اس درخت کو شمال کی عیسائی سلطنتوں کے تعصب اور مظالم نے زمین بوس کر دیا۔ اور آخر کار ۱۴۹۲ء میں مسلمانوں کو سپین سے نکال دیا۔

مذہبی رواداری کی جگہ اجتماعی سزائے موت کو رواج دیا گیا۔ اسی طرح بدنام زمانہ ہسپانوی INQUISITION (تطہیر) اور عظیم کتب خانے اور انمول کتابیں جلا کر خاکستر کر دینے کو رواج دیا گیا۔ یہی وجہ تھی کہ سپین پھر وہ عروج نہ حاصل کر سکا جو اسے مسلمانوں کے دور میں ملا اور اب بھی سپین باقی یورپ کے مقابلے میں پسماندہ ہے۔

لیکن ۱۰ ستمبر ۱۹۸۲ء کو احمدیہ جماعت کے روحانی سربراہ حضرت مرزا طاہر احمد صاحب خلیفۃ المسیح چہارم کے ہاتھوں پیدرو آباد میں سات سو سال بعد پہلی مسجد کے افتتاح سے اسلام ایک بار پھر احمدیت کے ذریعے سپین میں داخل ہو گیا ہے۔ اب اسلام کو دوبارہ مستحکم مقام ملے گا اور وہ سپین کی سرزمین سے کبھی نکالا نہیں جائے گا۔

Digitized by Khilafat Library Rabwah

آنکھوں کا کلینک ہسپتال

۵۔ ڈیوس روڈ لاہور

کے سردیوں کے اوقات یہ ہونگے

صبح ۸ بجے سے ۱۲ بجے تک

شام ۴ بجے سے ۶ بجے تک

جمعہ کو چھٹی ہوگی

عزیزہ کو اتوار کے روز بغیر فیس کے دیکھا جاتا ہے۔

فون ۵۳۶۹۴ - ۳۷۲۰۵۷

ڈاکٹر بریگیڈیئر مرزا مبشر احمد

پہلے تشریف لائیے ؛ پہلے حاصل کیجئے

طاہر آباد سے ملحق نئے رہائشی پلاٹس

آپ کا اپنا ادارہ پیش کرتا ہے

انیس اسٹیٹس پرائیویٹ لمیٹڈ ڈیلر

فون دفتر ۶۵۸ گھر ۵۰۷ (نصرت آرٹ پریس کیساتھ گلی کے اندر)

احمد موٹرز

آٹو موبائیل انجینئرز

فون نمبر :- ۴۰۴۴۵

